سید فصیح اقبال : جناب چیئرمین ! جو انہوں نے اعداد و شمار دیئے ہیں - جب فرنٹیئر سے ایک ہے تو اس کا مطلب ہے بلوچستان کا کوئی نہیں ہے ۔ اور نہ یہ کوشش کر رہے ہیں کیونکہ وہاں کسی بھی مالیاتی ادارے میں کسی پالیسی ساز ادارے میں بھی بلوچستان کی نمائندگی نہیں ہے ؟

جناب چیئرمین : مفروضہ صحیح نظر آتا ہے لیکن ان کے پاس انفارمیشن نہیں ہے ۔

سید فصیح اقبال : جناب وزیر صاحب یہ حقیقت حال نوٹ کرلیں ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے انہوں نے نوٹ کر لیا ہے ۔

Dr. Mahbubul Haq: Sir, that is an assumption, I will not like to either endorse or contradict that but I require a fresh notice and I shall certainly look into this.

سید عباس شاہ : کیا وزیر موصوف صاحب فرمائیں گے کہ بنکوں کے ہیڈ آفس کراچی میں ہونے کی وجہ سے صوبہ سرحد اور بلوچستان کے افراد کو یہ موقع نہیں دیئے گئے کہ وہ Required Professional Competency حاصل کر سکیں ۔

Dr. Mahbub-ul-Haq: I do not think that the question of acquiring required professional financial competence depends on the location of the headquarters of these banks because these banks are also not based in other provinces and once the (*Interruption*).

سید عباس شاہ : کیا اس بات کی اشد ضرورت نہیں ہے کہ صوبہ سرحد ، بلوچستان کے افراد کو بنکنگ سروس میں مناسب مواقع فراہم کئے جائیں تاکہ وہ بھی اپنے علاقے کی خدمات انجام دے سکیں اور آئندہ دس سال بعد ہمیں پھر یہی نہ کہا جائے کہ آپ لوگوں میں Professional Competency نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین : وزیر موصوف صاحب نے بتا دیا ہے کہ وہ دوبارہ Review کریں گے ۔

Dr. Mahbub-ul-Haq: I have also, Sir, only last week discussed it with the Governor State Bank and the Banking Council, the question of establishing good training facilities for future so that we can groom the managers of the future. I am sure that in those training facilities we will take care of this thing.

جناب چیئرمین : جناب قاضی لطیف صاحب !

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! کیا وزیر موصوف فرمائیں گے ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ واقعی ان کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے ۔ ہم کب تک توقع رکھیں کہ اس ناانصافی کا ازالہ ہوگا اور چھوٹے صوبے اس سے مطمئن ہو جائیں گے ؟

جناب چیئرمین : جناب ڈاکٹر صاحب !

Dr. Mahbubul Haq: I can assure the Member Sir, that we are considering the whole question as to how the nationalised structure should be run and if there is private banking what kind of institutions should be introduced. We are doing all this and we will take into account the regional requirements because on this point a number of sentiments have been expressed.

Mr. Javed Jabbar: Sub-rule (2) of Rule 53 of the Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973 which restricts the number of supplementaries to 3 is fixed at your discretion.

Mr. Chairman: I think, this is discretionary and it is flexible depending on the interest in a particular subject and depending on the importance of a particular subject. But I am conscious that as far as possible opportunity should be given for all the questions to come up. Next questions, no 13: Qazi Hussain Ahmed.

PROCEDURE FOR ALLOTMENT OF RESIDENTIAL AND COMMERCIAL PLOTS IN ISLAMABAD

13. ***Qazi Hussain Ahmed:** Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) the procedure for the allotment of residential and commecial plots in Islamabad; and

(b) the names of persons who have been allotted plots without auction within the last 5 years alongwith their complete addresses and professions?

Dr. Mahbubul Haq: (a) Applications for the allotment of residential plots are invited by the CDA for all new sectors and if the applications received exceed the number of available plots, balloting is held. The procedure adopted in connection with Sector F-11 (the last Sector opened) is given at Annex "A". Commercial plots are generally allotted by auction. The Authority however, has a discretionary quota under which some commercial and residential plots are allotted without resort to balloting or auction.

(b) A list containing the requisite information is placed at Annex "B" The professions of some of the allottees have not been given in the list as the information is not available with the CDA.

Annex "A"

QUOTAS FIXED FOR ALLOTMENT TO DIFFERENT CATEGORIES IN F-11

(a) General Public	60%
(b) Government servants including employees of the CDA and of the Semi-Government/autonomous/semi-autonomous bodies.	20%
(c) Members of Majlis-e-Shura, judiciary, lawyers, etc. ..	5%
(d) Defence Personnel	5%
(e) Discretionary quota	10%

Annexure B

ALLOTMENT MADE FROM 1ST JULY, 80 TO 30 JUNE, 85 WITHOUT AUCTION

COMMERCIAL/SHOPPING CENTRES ISLAMABAD

S. No.	Plot No. & Sector	Name and Address of allottee	Profession	Year of allotment
1	2	3	4	5
1.	Plot No. 6, Sector G-7/4-3.	Mst. Khudija Bano W/o Gen. Sewar Khan.	House Wife	1980
2.	Plot No. 9, Sector F-8/3.	Mr. Naveed Zafar C/o House No. 33, Street No. 31, G-6/1-3, Islamabad.	Business man	29-3-1981
3.	Shopping Centre No. 1, Model Village Noor-pur, Islamabad.	Mrs. Rubina Fareed, House No. 2-B, Street No. 13, Hill Road, F-7/2, Islamabad.	Doctor	12-4-1981
4.	Plot for Clinic in Model Village Chak Shahzad Dispensary in Gowala Colony.	Dr. M. A. K. Niazi, West Germany.	Doctor	30-5-1981
5.	Accupuncture Clinic in Sector G-7/3.	Lt. Col. Mohammad Saleem (AMC) C.M.H., Rawalpindi.	C.M.H. Doctor	29-10-1981
6.	Plot No. A-2 I-8/1.	Mrs. Farhat Afza, Lecturer, Govt. College for Women 6th Road, Rawalpindi.	Lecturer	4-11-1981
7.	Plot No. 2-B, Bazar No. 7, Class III Sector G-9/2.	Mr. Mohammad Shafi, Multani Hotel G-9/2, Islamabad.	Business	30-1-1982
8.	Plot No. 1-A, Bazar No. 10, Class III Sector G-9/3.	Qari. Mohammad UmarDaraz. House No. 645-A, Gali No. 4, Arjin Nagar, City Saddar Road, Rawalpindi.	Qari	30-1-1982
9.	Plot No. 21, Street No. 34, Sector F-6/1, Class III.	Mr. Azhar Sohail, House No. 2, Street No. 47, Sector F-7/1, Islamabad.	Business	3-3-1982
10.	Block No. 5, Class III in Sector F-8/3.	Mst. Nasim Ishtiaq, House No. 20-G, Street No. 10, Sector F-8/3, Islamabad.	House Wife	2-10-1982
11.	1-B, Gowala Colony.	Raja Aurang Zeb V&P.O. Bahara Kan, Islamabad.	Displaced person/ Farmer.	4-4-1983
12.	2-A, Sector G-9/4, Class III.	Mr. Fazal Hussain, CDA Islamabad.	Govt. Servant	4-4-1983

1	2	3	4	5	
13.	Plot No. 1-A, Gowala Colony.	Dost Mohammad, V & P.O. Gowala Colony. Islamabad.	Displaced person/ Farmer.	4.4.1983	Cancelled
14.	Plot No. 1-A, I-10/4, Class III.	Mohammad Ashraf Village Koka, Islamabad.	Displaced person/ Farmar.	4.4.1983	
15.	Plot No. 2-B, Sector G-9/4 Class III Shopping Centre.	Mohammad Abdul Rashid CDA, Islamabad.	Govt. Servant	6.4.1983	
16.	Plot No. 11 Sector F-7/2, Class III Shopping Centre.	Dr. Saiid Shah, 69-D, Chirah Road S/Town Rawalpindi.	Private	13.4.1983	
17.	Plot No. 5, Sector F-7/2 Class III Shopping Centre.	Haji Mohammad Nawaz Meat Shop G-6 I-1. Islamabad.	Dutcher	13.4.1983	
18.	Plot No. 2-A Sector G-9/1 Class III Shopping Centre.	M.M. Ali Markaz Ramna-6, Islamabad.	Tailor	18.4.1983	
19.	Plot No. 2-C, Sector G-9/4 Class III Shopping Centre.	Mohammad Ramzan Malik 8-Nazim-ud-Din Road. F-6/1.	Govt. Servant	18.4.1983	
20.	Plot No. 2-C, Gowala Colony.	Abdul Ghani, Village Chak Shahzad, Islamabad.	Displaced person, Farmer.	18.4.1983	
21.	Plot No. 1-C, Sector G-9/4 Class III Shopping Centre.	Malik Mohammad Ismail CDA, Islamabad.	Govt. Servant	20.4.1983	
22.	A-1, Chak Shahzad.	Gulzar Khan, Village Chak Shahzad, Islamabad.	Displaced person/ Farmer.	20.4.1983	
23.	Plot No. 2-A, Gowala Colony.	Mohammad Nazir Gowala Colony, Islamabad.	Displaced person/ Farmer.	26.4.1983	
24.	Plot No. 2-B, Gowala Colony.	Ch. Mohammad Iqbal Khan. Sihana, Islamabad.	Displaced person/ Farmer.	20.4.1983	
25.	Plot No. 1-A, Sector I-10/1 Class III Shopping Centre.	Syed Sikandar Hussain 351, Saidpur Road, Rawalpindi.	Retd. Army Person	27.4.1983	
26.	Plot No. 3, M.V. Ojhri.	Raja Abdul Qayyum Khan Model V. Ojhri. Islamabad.	Displaced person/ Farmer.	30.4.1983	

27.	Plots No. 5 & 6, M.V. Ojhri	Sohrab Khan Kiani M.V. Ojhri, Islamabad.	Displaced person/ Farmer.	30-4-1983
28.	Plots No. 7 & 8, M.V. Ojhri	Ehsan Ul Haq Kiani M.V. Ojhri, Islamabad.	Displaced person/ Farmer.	30-4-1983
29.	Plot No. 6, Sector F-7/2 Class III Shopping Centre.	Mrs. Naureen Ayub Sarwar C/o Mohammad Ayub, JS, Planning and Development Division, Islamabad.	House Wife.	10-8-1983
30.	Plot No. 1-A, Bazar No. 14 Class III Sector G-9/4.	Sh. Irshad Mahmood C/o Sheikh Ehsan Elahi, 47, Effandi Colony Satallite Town, Rawalpindi.	Government Servant.	29-11-1984
31.	Plot No. 1-B, Bazar No. 14 Class III Sector G-9/4.	Mr. Zubair Ahmad C/o Polka Footwear, Kashmir Road, Rawalpindi.	—	29-11-1984
32.	Plot No. Homoeopathy Clinic Class III, Chak Shahzad (M.V.).	Dr. Mushtaq Ali, D-370, St. No. 39, G-6/2, Islamabad.	—	18-10-1984
33.	Plot No. 1-A, Bazar No. 4 Class III Sector G-9/2.	Faqar-uz-Zaman and other Haripur, Distt : Abbottabad.	Business	13-2-1984
34.	Plot No. 1-C, Bazar No. 1 Class III Sector I-10/1.	Mr. Javed Niazi, House No. 419, Gali No. 98, Sector G-9/4, Islamabad.	Artist	4-4-1985
35.	Plot No. 1-B, Bazar No. 4 Class III Sector G-9/2.	Abdul Ghafoor, C/o Mukhtar Mohammad Ch. H. No. 165-C, G-6/2, Islamabad.	—	29-11-1984
36.	Plot No. 1-A, Bazar No. 4 Class III Sector G-9/2.	Haji Khawaja Atta Ullah Butt U-1400 Namak Mandi, Rawalpindi.	—	15-12-1984
37.	Canteen at Shakar Parian	Mr. Ahmed Nawaz, 355 Workshapi Mohallah, Rawalpindi.	Businessman	1981
38.	Canteen at Shakar Parian	Haji Allah Rakha, P.O. No. 1278, Islamabad.	Businessman	1981
39.	Plots No. 90 to 93, Blue Area (Between F-7 and G-7).	M/s. Sherazi Investment Adam Jee House, I.I. Chundrigarh Road, Karachi.	Businessman	1981
40.	Plot No. 89, Blue Area (Between F-7 and G-7).	M/s. Shafi and Others C/o Wilson Chemists, The Mall Rawalpindi.	Businessman	1981
41.	Plot No. 88, Blue Area (Between F-7 and G-7).	Mrs. Hameeda Begum, 14-A Main Gulberg, Lahore.	House Wife	1981
42.	Plot No. 17, Markaz F-7	Mr. Mahmood Saeed Prop, Pull Shah Nazar Diwan, Jamia Masjid Road, Rawalpindi.	Businessman	1981

1	2	3	4	5	
43.	Plot No. 54, Blue Area (Between F-6 and G-6).	Dr. Manzoor Ahmed C/o CDA Medical Centre, Islamabad.	Doctor	1981	
44.	Doctor Plaza Markaz G-7/4	Dr. Mohammad Anwar ul Haq, 560 Meadowbrock, Drive Adrian, Nichingan 49221 USA.	Doctor	1982	
45.	Plot No. 20 Pet Shop Markaz F-7 ..	Syed Mohammad Duran Hussain, 142, F-7, Islamabad.	—	1983	
46.	Plot No. 10-B, Markaz G-8	Mr. Azhar ul Haq C/o 697 Aabpara, Islamabad.	Businessman	1983	Allotment withdrawn due to non payment.
47.	Plot No. 12-G-2, Markaz G-8	Dr. Saeeda Qamar, Medical Director Nazir Nursing Home, Rawalpindi.	Doctor	1983	
48.	Plot No. 12-H/2, Markaz G-8	Major/Doctor Balqees Mohammad House No. 39, Street No. 5, F-8/3, Islamabad.	Doctor	1983	
49.	Plot No. 10-C, Markaz G-8	Syed Alam Shah C/o Inayat Shah Tailor 63, Bank Road, Rawalpindi.	Tailor	1983	
50.	Plot No. 1-A, Markaz F-8	Dr. M. Safdar Beg, CDA Medical Centre No. 2, G-7, Islamabad.	Doctor	1983	
51.	Plot No. A-1, Markaz F-8	Dr. Syed Ishtiaq Shah and other 286-II Peshawar Road, Rawalpindi.	Doctor	1983	
52.	Plot No. 6-E, Markaz F-10	Dr. Raja G. Asghar Professor of Surgery. Liaqat Medical College, Hyderabad.	Doctor	1983	
53.	Plot No. 12-H/1, Markaz G-8	Dr Amir Masood, C/o Mian Masood Akhtar, Chief Engineer Irrigation Sargodha.	Doctor	1983	

54.	Plot No. 21, Markaz G-9	Raja Alamdar Khan & Others Yahgo Khaplu, Baltistan.	Landlord	1983	Allotment withdrawn due to non-payment.
55.	Plot No. 7-C, Mark az G-9	Qari Saeed-ur-Rehman & Other C/o Jamia Islamia, Kashmir Road, Rawalpindi.	*Ex*-Member of Majlis-e-Shura.	1983	Allotment withdrawn due to non-payment.
56.	Plot No. 5-G, Markaz I-9	Dr. Shaukat Ali Syed, Ali Hospital Murree Road, Rawalpindi.	Doctor	1983	
57.	Plot No. 8, Markaz F-10	Dr. Javed Iqbal & Others 12-B, Satellite Town, Rawalpindi.	Doctor	1983	
58.	Plot No. 9-F, Diplomatic Enclave Markaz	Dr. Hafeez Akhtar, Personal Physician to the President, General Hospital Rawalpindi.	Doctor	1983	
59.	Plot No. 9-C, Markaz Diplomatic Enclave	Dr. Hameeda Kazmi, No. 6-I Street No. 9, F-6/3, Islamabad.	Doctor	1983	
60.	Plot No. 103, Blue Area (Between F-7 & G-7	Raja Mohammad Akram, H. No. 6, St. No. 40, F-7/2, Islamabad.	Landlord	1983	
61.	Plot No. 9-D, Markaz Diplomatic Enclave	Syed Ali Raza Doctor & Dr. Asif Ali C/o CDA Medical Centre No. 1	Doctors	1983	
62.	Plot No. 12-B, /2, Markaz G-8	Zahid Malik, Editor Weekly Hurmat, Al-Umar Building Rawalpindi Cantt.	Journalist	1983	
63.	Plot No. 7-B, Markaz G-9	Mr. Inayat Ullah Mirza Managing Director, 394-A, I-9.	Businessman	1983	
64.	Plot No. 9-A, Markaz Diplomatic Enclave	Dr. Basharat Jazbi, Adviser to the President, Social Welfare Block-C, Pak. Sectt. Islamabad.	Doctor	1983	
65.	Plot No. 13-W, Markaz F-7	Mrs. Zahida Saeed H. No. 28-I St. No. 10, F-6/3, Islamabad.		1983	
66.	Plot No. 7-A, Markaz G-9	M/s. Amin Agency, 9th The Mall Rawalpindi.	Businessman	1983	
67.	Plot No. 10-E, Markaz G-8	Mr. Zia Nazir Ahmed, Managing Director, Pak. TV, Islamabad.	Govt. Servant	1983	

1	2	3	4	5
68.	Plot No. 33. Markaz G-9	Mr. Jamal Din, C/o Mr. Shaukat Ali Director General Haj Islamabad.	Govt. Servant	1984
69.	Plot No. 108, Blue Area (Between F-7 & G-7)	Mr. Abdul Waheed Ambassador West Germaney Bonn.	Govt. Servant.	1984
70.	Plot No. 16-B, Markaz G-9	Brig Mohammad Akram Pilot to the President.	Govt. Servant	1984
71.	Plot No. 21, Markaz F-7	Dr. M.A. Hussain, Department of Economics Quaid-i-Azam University.	Govt. Servant.	1981
72.	Plot No. 10-G, Markaz G-8	Mr. Zulfiqar Ali M-925, St. No. 44 Amer Pura, Rawalpindi.	—	1985
73.	Plot No. 35-A, Markaz G-9	M. Masood Asif, House No. 27, St. No. 17, F-7/2, Islamabad.	—	1985
74.	Plot No. 10-D, Markaz G-9	Dr. Lt. Col (Retd) Z.S. Usmani H. No. 17, St. No. 87, G-6/3, Islamabad.	Doctor	1985
75.	Plot No. 3-A/1, Markaz Diplomatic Enclave	Farooq Usmani, 136 Sabzazar Colony, Rawalpindi Colony.	Journalist	1985
76.	Plot No. 35-B, Markaz G-9	Mst. Maryam Begum, Widow of M. Aslam Khan, H. No. 6, St. No. 66, F-,6/3 Islamabad.	House Wife	1985
77.	Plot No. 10-H, Markaz G-8	Hafiz M.A. Malik, 213 Asghar Mall Scheme, Rawalpindi.	—	1985
78.	National Sports Centre Area	Maj. F.S. Munir-ud-Din H. No. 10 St. No. 60, F-8/4 Islamabad.	—	1981
79.	National Park Area	Principal Baby Angelic School H. No. 4, St. No. 79, G-6/4, Islamabad.	—	1981
80.	Do.	Mr. Zahur ul Haq (Member S.C.) Joint Secretary, Information & Broadcasting, 'H' Block. Islamabad	Govt. Servant	1981
81.	Manve Area G-7 I	Chief Editor, Pakistan Times, Lahore.	News Paper.	1982
82.	Markaz I-9	Mr. Asar Chouhan, Proprieter Siyasat Printers 1065-B, S/Town, Rawalpindi.	Editor	1983

83. North of T&T Headquarter F-5/1	M/s. Pakistan Realtors and Development Limited Suit No. 11, Block No. 25, Hafiz Plaza, Blue Area, Islamabad.	—	1985
84. Plot No. 7-A. Ramna-8	Secretary Alpine, Club of Pakistan 288 Peshawar Road, Rawalpindi.	—	1985
85. Manve Area G-7/1	Chief Editor Daily Haider M. 1901, Murree Road, Rawalpindi.	News Paper	1985
86. Plot No. 1-C, Bazar No. 6 Class III Sector G-9/2	Firdaus Mehboob Village Tanveen, P.O. Tanveen Tehsil Gujar Khan, Distt. Rawalpindi.	House Wife	1985
1. 5-A Markaz F-8	M/s. Manawar Auto I&T Centre Islamabad.	—	1981
2. 5-B Markaz G-8	Brig. Khizar Hayat 72-E, S/Town, Rawalpindi	Govt. Servant	1981
3. Petrol Site I-9	Ahmed Yar Khan 30 St. 23 F-6/2, Islamabad	—	1982
4. Petrol Site G-9	Manzoor Javaid & another People Colony-I Faisalabad.	—	1983
5. Petrol Site Markaz G-9	Mrs. Amjid Moon House No. 153 F-6/3 Ibd.	—	1983
6. Petrol Site Islamabad Club Link Road ..	Ch. Farooq Sultan C/o Club Filling station old Murree Road Near Islamabad Club, Islamabad.	—	1983
7. Automatic car washer Plant site Markaz G-6 ..	Asif Raza Mir P.O. Box No. 1762 Islamabad		1984
8. Kwich Kar & Kleen Site Blue area ..	Talat Mohmood & Mr. Amanullah Khan 24 Faizabad, Rawalpindi.		1985

قاضی حسین احمد : یہ جو لسٹ فراہم کی گئی ہے اس میں لکھا ہے

Commercial Shopping Centre in Islamabad;

جب کہ میں نے سارے رہائشی اور کمرشل پلاٹس کی لسٹ مانگی تھی ۔ کیا یہ صرف شاپنگ سنٹرز تک محدود ہے یا اس میں رہائشی بھی شامل ہیں ۔

ڈاکٹر محبوب الحق : جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے سارے کمرشل پلاٹس کی لسٹ دی گئی ہے ۔

قاضی حسین احمد : میرا سوال ہے ۔

'The names of persons who have been allotted plots without auction within the last five years alongwith their complete addresses and professions.'

آپ نے صرف مجھے کمرشل شاپنگ سنٹرز اسلام آباد کی لسٹ فراہم کی ہے ۔

Mr. Chairman: I think, the question is that he has asked for the total plots which have been allocated to anybody without auction and the total plots included both Commercial as well as residential and his contention is that the information provided is not complete.

Dr. Mahbubul Haq: Not complete! In that case Sir, I wish to regret and apologize to the Member and I assure that the complete information will be provided.

Qazi Hussain Ahmed: An other supplementary, Sir.

قاضی حسین احمد : کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ کیا کبھی اوپن نیلام کے ذریعے سے بھی یہ پلاٹ نیلام کئے گئے ہیں ؟

ڈاکٹر محبوب الحق : جی ہاں ۔ اوپن نیلام کے ذریعے بھی نیلام کئے گئے ہیں ۔

قاضی حسین احمد : کیا وزیر موصوف صاحب یہ یقین دہانی کرا سکتے ہیں کہ اقربا پروری اور رشوت ستانی کے لئے پلاٹوں کی اس بندر بانٹ کو ، استعمال نہیں کیا جائے گا ۔

جناب چیئرمین : سوال کو اس انداز میں پیش کرنا مناسب نہیں ہے ۔ اور اس قسم کے الفاظ استعمال نہ کئے جائیں ۔ اگر آپ دوسری طرح پوچھیں تو جواب دیا جا سکتا ہے ۔

قاضی حسین احمد : جواب میں کہا گیا ہے کہ مجلس شوریٰ کے ممبران کے لئے بھی کوٹہ رکھا گیا ہے ۔ کیا پارلیمنٹ کے ممبران کو اس میں اس لئے شریک کیا جا رہا ہے کہ ان کے منہ بند کر دیئے جائیں ؟

ڈاکٹر محبوب الحق: اس لئے کہ وہ بھی اس ملک کے بڑے معزز شہری ہیں جن میں سے کئی یہاں سیٹل ہونا چاہتے ہیں اور جب نیشنل اسمبلی میں اس پر بحث ہوئی تھی تو اس وقت بھی یہ تجویز دی گئی تھی کہ یہ کوٹہ صرف جنرل پبلک یا گورنمنٹ سرونٹس کے لئے نہ رکھا جائے بلکہ اس میں کچھ حصہ ملک کے نمائندوں کا بھی ہونا چاہیئے لیکن اس کے بارے میں جو بھی رائے اس ایوان کی ہوگی اس کا ہم احترام کریں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

Mr. Hasan A. Shaikh: What is the criterion of allotment of plots and how does that criterion it fit-in to Mst Khudija Banu the wife of General Swar Khan?

Dr. Mahbubul Haq: Which criteria?

Mr. Hasan A. Shaikh: The criteria that you, yourself established for the purpose of this allotment and how does it fit-in to General Swar Khan's wife.

Dr. Mahbubul Haq: Sir, I like to make a statement. I think basically this Government is not in a position or has the intention to defend each and every allotment that was made in the past. What we will like to do is to improve the allocation policy in the future. We very much like to do it through more open auctions and at the more market rates. The revised policy of CDA as I said earlier, will be formulated with which we will like to associate also the Elected Members of the House. I think it-will be more productive if we can improve this policy in future.

Mr. Shad Muhammad Khan: Discretionary allotment Sir. What procedure is being adopted for the 10% discretionary allotments?

Dr. Mahbub-ul-Haq: This discretionary quota, as the words themselves show, was the discretion of the Government or the CDA Board, .But I have said that all these percentages and the allocation policy itself is under review.

Mr. Chairman: Will this bring us to the end of question? Next question. Mr. Javed Jabbar, No. 14, Sir.

Financial Indiscipline in the Ministry of Food and Agriculture

14. ***Mr. Javed Jabbar:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether, under Chapter "Audit Observations" of the Auditor General of Pakistan Report for the year 1982-83, only 23 Ministries/Divisions were examined and about 135 cases identified of which 26 cases or over 20% pertain to the Ministry of Food and Agriculture?

[Mr. Javed Jabbar]

(b) if the answer to (a) above be in the affirmative the reasons for what appears to be extraordinary financial indiscipline on the part of the Ministry of Food and Agriculture and the steps which are being taken to rectify the same?

Dr. Mahbubul Haq: (a) Yes.

(b) 1. The paras on the Ministry of Food and Agriculture cover a fifteen years' period from 1966 to 1981. Further, a special audit of the fertilizer imports arranged by the Ministry of Food and Agriculture was conducted and the results reflected in the audit report of 1982-83.

2. The extent of financial discipline on the part of the Ministry of Food and Agriculture and the responsibility thereof will be determined by the Public Accounts Committee. The remedial action to be taken will follow the recommendations made by the Committee in their report to the National Assembly.

Mr. Chairman: Supplementary.

Mr. Javed Jabbar: Para (b) does not reflect the opinion of the honourable Minister, one would like to know the status of Public Accounts Committee works at this stage regarding this particular subject.

Dr. Mahbubul Haq: I am not aware yet with the Public Accounts Committee has been appointed by the National Assembly and the Secretariat knows about it because it was under the procedure afoot to appoint it. But it is for the National Assembly to take action on that.

Mr. Chairman: Are you inquiring about the new Committee or the works done by the Committee.

Mr. Javed Jabbar: Committee Sir.

Dr. Mahbubul Haq: We actually don't know.

Dr. Mahbubul Haq: Mr. Javed Jabbar, Next Question.

PUBLICATION OF THE REPORT OF AUDITOR GENERAL OF PAKISTAN ON THE FEDERAL ACCOUNTS

15. ***Mr. Javed Jabbar:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state whether the report of the Auditor General of Pakistan on the Federal Accounts for the year 1983-84 has been published; If not, the reason for delaying its publication and when the same will be published and laid before the Parliament?

Dr. Mahbubul Haq: The reports of the Auditor General on the Federal Government for 1983-84 have since been printed. These reports are now being submitted to the President under Article 171 of the Constitution. The President shall then cause the same to be laid before the National Assembly.

Mr. Javed Jabbar: Supplementary Sir. Will this report be laid before the Senate as well?

Dr. Mahbubul Haq: As far as I am aware, under the Constitutional provision this has to be laid before the National Assembly.

Mr. Chairman: Right by this time we do come to the end of the questions.

Before we take up the privilege motion; Sorry! there are two leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جناب غلام فاروق صاحب کی ایک درخواست ہے کہ ان کو پشاور میں کوئی ضروری کام ہے اور دس تاریخ کی شام سے ۱۴ تاریخ تک اجلاس میں شریک نہیں ہو سکیں گے۔ ان کو چھٹی کی اجازت ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر صاحب نے ذاتی امور کی انجام دہی کے لئے ۱۱ جولائی سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کو اجازت دیتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : مولانا کوثر نیازی صاحب نے کل ایک پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا۔ وہ یہ تھا کہ وزیٹرز گیلری میں چند اشخاص ایوان کی کارروائی نوٹ کر رہے ہیں۔ اور ان کے خیال کے مطابق ان لوگوں کا تعلق انٹیلی جنس بیورو سے ہے۔ ان کے خیال میں ان کی موجودگی اور کارروائی نوٹ کرنے سے ارکان کو آزادی سے اظہار خیال میں رکاوٹ محسوس ہوتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ غالباً اس ضمن میں نیشنل اسمبلی کے سپیکر صاحب نے ایک رولنگ دی ہے۔ مجھے وہ رولنگ تو نہیں مل سکی لیکن خود مجھے اس معاملہ پر غور کرنے کا موقع ملا ہے جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے ان کی ایسی کوئی رولنگ ریکارڈ پر نہیں آئی۔ صورت حال یہ ہے کہ ایوان میں داخلے کی کچھ شرائط ہیں اور ایوان کی کارروائی سننے کے کچھ آداب ہیں۔ جو حضرات

[Mr. Chairman]

ایوان میں داخل ہونا چاہتے ہیں یا داخل ہوں اور کارروائی سننا چاہتے ہوں ان کو ان قواعد و آداب کی ہر صورت میں پابندی کرنا پڑے گی اور اس کا لحاظ رکھنا پڑے گا۔ داخلے کے چار طریقے ہیں۔ ایک تو پاس ایشو ہوتے ہیں یہ پاس چار قسم کے ہیں۔ ایک پریس گیلری کارڈ ہے۔ یا اجازت نامہ ہے جو صرف صحافی حضرات کو ہی دیا جاتا ہے اور اس میں صرف اتنی شرط ہے، نوٹ کرنے کی کوئی شرط نہیں اور ہونی بھی نہیں چاہیئے اور صرف اتنی ہے کہ

'Visitors are not permitted' in the Press Gallery.

انٹیلی جنس ایجنسی کو نہ تو یہ اجازت نامہ مل سکتا ہے اور نہ غالباً وہ اس کیٹیگری میں داخلہ چاہیں گے۔ دوسرا جو اجازت نامے کا طریقہ ہے وہ بذریعہ جنرل پاس ہے جو عمومی طور پر سیکرٹریٹ کے جو جونیئر آفیسرز ہیں جن کو ایوان میں آنا پڑتا ہے، کاغذات تقسیم کرنے کے لئے یا دیگر امور کی انجام دہی کے لئے وہ ان کو دیا جاتا ہے۔ لیکن وہ گیلریز یا وزیٹرز گیلریز میں نہیں جا سکتے۔ تیسرا طریقہ کار داخلے کا آفیشل گیلری کارڈ ہے۔ آفیشل گیلری میں شرط یہ ہے کہ

Only one Officer of the status of Dy. Secretary or above may occupy a seat at any one time in the official gallery from each Division or Department concerned.

جس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر انٹیلی جنس ایجنسیز اس دن جب ان کی کارروائی پر یہاں کوئی بحث ہو رہی ہو یا ان کے کوئی سوالات یہاں پر ہوں۔ ایک آدمی بطور آفیشل گیلری میں بیٹھ سکتا ہے بشرطیکہ وہ ڈپٹی سیکرٹری کی لیول سے کم نہ ہو۔ اس میں شرط نہیں ہے کہ نوٹس لئے جائیں یا نہ لئے جائیں۔ لیکن عام قاعدہ یہ ہے کہ جو آفیشل، آفیشل گیلری میں بیٹھتے ہیں ان کی موجودگی کا جواز بھی یہی ہے کہ وہ جواب دہی کے لئے یا اپنے جواب تیار کرنے کے لئے اپنے محکمے کی جانب سے اپنے نوٹس لیں۔ تفصیلی کارروائی کا کوئی ذکر نہیں ہے لیکن جو متعلقہ امور ہیں ان کے صرف نوٹس لیں۔ ایک اور طریقہ بھی ہے داخلے کا وہ وزیٹرز گیلری ہے۔ جہاں تک وزیٹرز گیلری ہے اس میں بہت صاف لکھا ہوا ہے اور یہ حضرات جن کی مولانا کوثر نیازی صاحب نے نشاندہی کی ہے وہ وزیٹرز گیلری میں بیٹھے ہوئے تھے اور غالباً ان کے پاس اجازت نامہ بھی وزیٹرز گیلری کا ہوگا۔ اس میں یہ دیا ہوا ہے کہ

Visitors are not allowed to take down the notes of the Assembly.

ان کو کوئی اجازت نہیں ہے کہ وہ اسمبلی کی پروسیڈنگ کو نوٹ کریں۔ اگر یہ کارروائی ہوئی ہے تو یہ غلط ہے اور اس کا تدارک کیا جائے گا۔

یہاں پر میں ایک اور بھی عرض کر دوں کہ اس ایوان میں جو کارروائی ہو رہی ہے یہ حکومت کی موجودگی میں ہی ہو رہی ہے۔ حکومت کے وہ نمائندے جن کے لئے انٹیلی جنس والے اطلاعات تیار کرتے ہیں وہ خود یہاں پر موجود ہوتے ہیں۔ تو ان کو یہ سیکنڈ ہیڈ، تھرڈ ہیڈ رپورٹیں پہنچانے کا مجھے نہ تو کوئی جواز نظر آتا ہے اور نہ اس کی کوئی logic نظر آتی ہے ہوتا یہ ہے دراصل کہ وہی سمری، وہی خلاصے رپورٹ کے بنتے بنتے جب منزل مقصود تک پہنچتے ہیں تو ان کا حلیہ اس طرح بگڑ چکا ہوتا ہے جیسا کہ ایک کہانی میں مشہور ہے کہ کسی کی فارسی کی درخواست کسی قاضی صاحب کو جا رہی تھی اور وہ گورمکھی رسم الخط میں لکھی ہوئی تھی۔ اس میں قاضی صاحب کے القاب کے بعد فارسی عربی میں لکھا تھا "سلمہ الرحمن" تو جب پوچھا گیا کہ یہ کیا ہے تو گورمکھی کا ترجمہ کوئی گورمکھی جاننے والے صاحب ہی کرتے ہیں جناب والا! کچھ لکھا ہوا ہے۔ سالے کی بات ہے لیکن یہ پتہ نہیں کہ سالا تیرا ہے یا میرا تو وہ جو خلاصے وہاں تک پہنچتے ہیں تو سلمہ الرحمن بگڑ کر سالا تیرا یا میرا بن جاتا ہے اس کا کوئی جواز ہی نہیں ہے۔ میں نے کل بھی عرض کیا تھا۔ یہ کارروائی اخباروں میں آتی ہے۔ پریس رپورٹ کرتا ہے تو مجھے سمجھ نہیں آتی کہ وہ کیوں ایسی حرکت کریں! بہرحال خلاصہ یہ ہوا کہ، مولانا کوثر نیازی صاحب کی فرصت میں اس کا ترجمہ بھی ان کو بتا دیں، حافظ کا شعر ہے۔

قدم منہ بخرابات جز بشرط ادب

کہ ساکنانِ درش محرمِ بادشاہان

تو اس در کے جو لوگ ہیں وہ تو محرم بادشاہ ہیں ان کا داخلہ بشرط ادب ہو سکتا ہے۔

ایک معزز رکن: جناب والا! مجھے مولانا کا بڑا احترام ہے لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ الرجک کیوں ہیں انٹیلی جنس پر ریڈنگس لوڈ کرنے سے

جناب چیئرمین: بہر حال یہ رولنگ کی بات تھی اور میں نے ان کو داخلے کی شرائط بتا دی ہیں۔ کارروائی سننے کے آداب ہیں ان کو وہی ملحوظ خاطر رکھنا پڑیں گے۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! آپ کی علمی ، ادبی اور قانونی رولنگ کا بے حد شکریہ ۔ میں صرف یہ عرض کرتا ہوں کہ کل پریس کے دوستوں نے یہ بتایا کہ بعض اوقات انٹیلی جنس کے جو لوگ ہیں وہ پریس گیلری میں بھی قدم رنجہ فرماتے ہیں ۔

جناب چیئرمین : پریس گیلری تو پبلک کی پراپرٹی ہے ۔ وہاں ہر ایک آدمی جا سکتا ہے ۔

مولانا کوثر نیازی : پریس گیلری کے لئے مخصوص پاس جاری کیے جاتے ہیں ۔

جناب چیئرمین : مخصوص پاس کے ساتھ ۔ جب تک ان کے پاس مخصوص پاس نہیں ہے ان کو اجازت نہیں ہونی چاہیئے ۔

مولانا کوثر نیازی : یہی عرض کر رہا ہوں ۔ سپیشل برانچ ان کو پریس گیلری کے بھی پاس جاری کرتی ہے ۔ آپ اس کی بھی انکوائری فرمائیں ۔

جناب چیئرمین : پاس تو سیکرٹریٹ جاری کرتا ہے ۔ میرے خیال میں ان کو اختیار نہیں ہوتا ۔ بہر حال اس کو دیکھ لیں گے ۔ تحریک استحقاق ۔ ملک فرید اللہ خان صاحب کے نام پر ہے وہ پڑھ کر سنا دیں ۔

PRIVILEGE MOTION *RE*: ELECTION OF THE SENATORS IN N.W.F.P.

ملک فرید اللہ خان : جناب چیئرمین مجھے اجازت دی جائے کہ تحریک استحقاق پیش کروں ۔

جناب چیئرمین : جی ارشاد فرمائیے ۔

ملک فرید اللہ خان : روزنامہ نوائے وقت بتاریخ ۱۴ مئی ۱۹۸۵ء کی اشاعت میں میجر حبیب اللہ خان کے حوالے سے یہ خبر شائع ہوئی ہے ۔ جنہوں نے مسٹر گوہر ایوب کے اخباری بیانات کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ سرحد میں سینٹ کے انتخابات الیکشن نہیں بلکہ سلیکشن تھے ۔ اور صوبہ سرحد کے بھائی چارے کے ماحول میں کئے گئے انتخابات گویا صحیح نہیں تھے ۔ جناب والا ! مسٹر گوہر ایوب اور میجر حبیب اللہ خان کے ان بیانات سے اراکین سینٹ صوبہ سرحد کا استحقاق مجروح ہوا ہے کیونکہ یہ بیانات اراکین سینٹ صوبہ سرحد کی رکنیت کو چیلنج کرنے کے مترادف ہیں ۔ میں ملتمس ہوں کہ قواعد و ضوابط کے مطابق مسٹر گوہر ایوب ایم این اے اور میجر حبیب اللہ خان ایم پی اے کے خلاف ضروری کارروائی

کی جائے جن کے بیانات سے بحیثیت رکن سینٹ میرا استحقاق مجروح ہوا ہے صوبہ سرحد کے سینٹ کے انتخابات قواعد وضوابط اور الیکشن رولز کے تحت ہونے تھے اور ان انتخابات کے لئے وہی طریقہ کار اپنایا گیا تھا جو کہ رولز کے مطابق ہے اور اس میں اس سے زیادہ میں اور کچھ نہیں کہنا چاہتا کہ صوبہ سرحد سے آپ بھی منتخب رکن سینٹ ہیں اور آپ نے خود ان انتخابات میں حصہ لیا تو اس کے بعد جب انتخابات ہوئے اور الیکشن کمیشن نے باقاعدہ اس کے لئے نوٹیفیکیشن جاری کیا کہ صوبہ سرحد سے یہ اراکین منتخب ہوئے ہیں ۔ اب جناب والا! یہ اخباری بیانات جو ہیں ان کا مطلب یہ ہوا کہ گویا وہ انتخابات صحیح نہیں ہوئے اور ابھی بھی میں لابی میں یہ اخبارات کے تراشے دیکھ رہا تھا جو یہ حضرات اراکین سینٹ کو کو بھیجتے ہیں اور ان کو یہ تاثر دیتے ہیں کہ یہ انتخابات صحیح نہیں تھے ۔ سیلکشن تھا اور ان انتخابات میں دھاندلی ہوئی ۔ جناب والا ! اس سے نہ صرف میرا استحقاق بلکہ اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے لہذا میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ معاملہ استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور وہ اس کا بغور جائزہ لے کہ آیا یہ استحقاق مجروح ہوا ہے یا نہیں ؟

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! میں گزارش کروں گا کہ عدالتی روایات کے پیش نظر چونکہ آپ کی ذات بھی فاضل ممبر نے اس میں ملوث کردی ہے تو کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ اس وقت یہ کرسی ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے سپرد کریں تاکہ وہ رولنگ دیں ۔

جناب چیئرمین : مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں کہ وہ آئیں لیکن اس میں میری ذات ملوث نہیں ہے انہوں نے ایک اصول کا ذکر کیا ہے ۔ یہ تحریک صدر نشین کے خلاف نہیں ہے ۔ وزیر انصاف صاحب اس پر غالباً کچھ روشنی ڈالیں گے ۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, if you allow me my submission is that you can take action against a Member of the same House but since Mr. Gohar Ayub is a Member of the National Assembly, action cannot be taken by this House. That is a practice, because each House is independent and can take action against its own Member.

Mr. Chairman: That would not be correct, for the simple reason that if this House holds that it does amount to breach of privilege of the House or of an individual Member, the House is absolutely free to take action provided under the law regardless of whether somebody is a Member of another House or Member of public or is of any other position.

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, if you allow me. I will make this submission after the Law Minister. I will find out the exact portion in the May's Parliamentary Practice, only to quote that and nothing more. I would not say anything.

Mr. Chairman: Right, right.

Mr. Javed Jabbar: Sir, may I cite the fact that the National Assembly has taken note of comments made by the Members of the Senate. They have constituted a committee.

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! جو کچھ کہا جا رہا ہے میرا خیال ہے کہ وہ ایک شخص کی انفرادی رائے نہیں ہے۔ یہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ہو رہا ہے اس لئے کہ ایک ممبر ایک دفعہ بیان دیتا ہے اور دوسرے اس کی حمایت کے اندر یہ سلسلہ شروع کر دیتے ہیں اس کا مقصد اس ایوان کی اہمیت کو کم کرانا ہے اس لحاظ سے ایک مثالی کردار جو صوبہ سرحد نے ادا کیا تھا اس کو بھی مجروح کرانا ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ دوسرے صوبے بھی اس کا اتباع کرتے اس کی تقلید اور پیروی کرتے اور یہی بہترین مثال پیش کرتے لیکن بجائے اس کے کہ اگر ایک صوبے کے اندر یکجہتی کا ثبوت ملا ہے اور آپ حضرات نے اپنی آنکھوں سے خود دیکھا ہے کہ وہ قواعد اور ضوابط کے تحت ہی ہوا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ دیدہ دانستہ ان ایوانوں کی اہمیت کو کم کرنے کا یہ ایک منصوبہ ہے میرا خیال ہے کہ اس سے اس ایوان کا استحقاق یقیناً مجروح ہوا ہے۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب ! میں مختصر عرض کروں گا کہ یہ سینیٹ اور قومی اسمبلی وفاقی ادارے ہیں اور انہیں تمام جمہوری اداروں کا تحفظ کرنا ہے اور اس امر کو ملحوظ رکھنا ہے کہ اس کا وقار مجروح نہ ہو۔ یہاں صرف سینیٹ کا وقار ہی مجروح نہیں ہوا بلکہ پوری صوبائی اسمبلی پر گویا شدید ترین حملہ کیا گیا ہے کہ تمام صوبائی اسمبلی کے ممبران اپنی رائے دینے میں آزاد نہیں تھے اور پابند تھے ، ہمیں صوبائی اسمبلی کے حقوق کا بھی اس معاملے میں لحاظ رکھنا ہوگا اگر وفاقی ادارے ان کا خیال نہ رکھیں تو مشکل ہوگا۔ وہاں مکمل ریکارڈ موجود ہے۔ ہر ممبر کا مجوز اور مؤید موجود ہے اور جس شخص نے اعتراض کیا ہے مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس کو صرف ایک مجوزہ ملا ہے اور اس کو مؤید بھی نہیں مل سکا۔ اس کا امیدوار قتل کے ایک جرم میں ملوث تھا اب اس کو کون ووٹ دیتا۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! آپ جانتے ہیں کہ یہ جو پورے الیکشن ہوئے میری مراد صوبائی ، قومی اور سینیٹ کے الیکشنوں سے ہے۔ یہ انتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر ہوئے اور ان کے بارے ملک کا ایک خاصہ مؤثر طبقہ یہ رائے رکھتا ہے کہ یہ الیکشن غلط ہوئے ہیں۔ ان کے

اندر برادری سسٹم آیا ہے اس کے اندر پیسہ چلا ہے اور بہت سی خرابیاں پیدا ہوئی ہیں۔ رات دن اس قسم کے بیانات مختلف حضرات جاری کرتے ہیں۔ اور صحیح طور پہ جاری کرتے ہیں۔ اخبارات اور جرائد اس پہ لکھتے رہتے ہیں۔ اگر آپ اور میرے اراکین دوست اس قدر حساس ہو گئے کہ ہر مخالف رائے کو انہوں نے دبانے کی کوشش کی تو پھر یہ سلسلہ کہاں جا کر رکے گا کتنے سیاستدان ہیں کتنے اخبارات اور جرائد ہیں جنہوں نے ان الیکشنوں کے متعلق کہا ہے کہ یہ بالکل بے کار تھے اور ان کے نتیجے میں جو ایوان قائم ہوئے ہیں۔ ان کا کوئی اثر نہیں ہے اور یہ کوئی نمائندہ حیثیت نہیں رکھتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اتنا حساس نہیں ہونا چاہیئے۔ سیاسی بیانات کو سیاسی رنگ میں ہی لینا چاہیئے اس لئے کہ پھر یہ سلسلہ شیطان کی آنت کی طرح دراز ہو جائے گا وہ بات ہو جائے گی کہ

یہ رند ختم ہوں واعظ کے بس کی بات نہیں، تمام شہر ہے دو چار دس کی بات نہیں۔

<u>جناب چیئرمین:</u> میں عرض کروں کہ اس مسئلے پر اظہار خیال سے پہلے جس بنیاد پر یہ ریزولیشن قائم ہے اس کو آپ ذرا سن لیں، فرما رہے ہیں کہ روزنامہ نوائے وقت تاریخ ۱۲ مئی ۱۹۸۵ء کی اشاعت میں میجر حبیب اللہ خان کے حوالے سے یہ خبر شائع ہوئی ہے جنہوں نے مسٹر گوہر ایوب کے اخباری بیانات کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے صوبہ سرحد کے انتخابات الیکشن نہیں بلکہ سلیکشن تھے اور صوبہ سرحد کے بھائی چارے کے ماحول میں کئے گئے انتخابات گویا صحیح نہیں تھے یہ بیان ہے اور جو اصلی بیان ہے جس کی نقل پیش کی گئی ہے، وہ شاید آپ کے سامنے نہ ہو۔ تو میں آپ کو پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔

یہ ہے جناب میجر حبیب اللہ خان صاحب کا بیان کہ سرحد اسمبلی کے رکن حبیب اللہ خان ترین نے کہا ہے کہ صوبہ سرحد سے کامیاب قرار دیئے جانے والے سینٹروں کے انتخابات کو فوری طور پر کالعدم قرار دے کر دوبارہ انتخابات کرائے جائیں کیوں کہ یہ لوگ عوام کی نمائندگی کے طور پر نہیں بلکہ نامنردگی اور غیر جمہوری طریقے سے سینٹ میں پہنچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں قومی اسمبلی کے رکن ——— اب ان کا اپنا بیان جو ہے جو انہوں نے یہ رائے قائم کی ہے اس کو گوہر ایوب خان کے بیان پر base کرتے ہیں کہ قومی اسمبلی کے رکن مسٹر گوہر ایوب خان بھی یہی مطالبہ کر چکے ہیں اور صوبہ سرحد اسمبلی کے رکن امان اللہ خان جدون نے سرحد میں سینٹ کے دوبارہ انتخابات کرانے کا مطالبہ کر کے نہ صرف جرأتمندی کا ثبوت دیا ہے بلکہ انہوں نے صوبہ سرحد کے عوام کے دلوں کی ترجمانی کی ہے تو یہ درحقیقت ایک صاحب

[Mr. Chairman]

دوسرے کا حوالہ دیتے ہیں اور جو اصلی بنیاد بنتی ہے اور جو محرک ہے اس سارے بیان کا جو اخبار میں آیا ہے وہ امان اللہ خان جدون صاحب کا بیان ہے اور وہ خود یہ کہتے ہیں۔ ذرا اس کو سن لیجئے اور فیصلہ کریں کہ اس سے آپ کا کوئی استحقاق مجروع ہوتا ہے یا نہیں ہوتا ہے یہ ایبٹ آباد ۲۹ ر جون ، سرحد اسمبلی کے ممتاز رکن کا بیان۔نوائے وقت کا حوالہ ہے۔ ۳۰ جون ——— سرحد اسمبلی کے ممتاز رکن مسٹر امان اللہ خان جدون نے کہا ہے کہ وہ مخالفت برائے مخالفت کے قائل نہیں تاہم حکومت کو سیدھی راہ پر چلانے کے لئے ضروری ہے کہ سرحد اسمبلی میں اپوزیشن گروپ قائم کیا جائے . جو عوام کے حقوق کی حفاظت کے لئے تعمیری تنقید کا فریضہ ادا کرے ۔انہوں نے بتایا کہ انہوں نے کافی ہم خیال اراکین کی حمائت حاصل کی ہے اور وہ ایوان میں حزب مخالف کا گروپ بنا کر بجٹ اجلاس کی طرح آئندہ اجلاس میں بھی تعمیری کردار ادا کریں گے ۔ آج سہ پہر یہاں "نوائے وقت" سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ جمہوری عمل کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے ارکان اسمبلی کو مکمل طور پر با اختیار بنایا جائے اور اس طرح افسر شاہی کے اختیارات کم کرکے طاقت اور اختیار عوامی اور بلدیاتی نمائندوں کو منتقل کیا جائے ۔ اصلی نکتہ اب آتا ہے ——— سرحد میں سینٹ کے دوبارہ انتخابات کرانے کے بارے میں قومی اسمبلی کے رکن مسٹر گوہر ایوب خان کے مطالبے کی حمائت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب سرحد کے وزیر اعلیٰ یہ کہتے ہیں کہ سینٹ کا الیکشن بھائی چارے کی فضا میں ہوا ہے تو ایسی فضا میں تو اس مرتبہ بھی الیکشن کرائے جا سکتے ہیں اسلئے حکومت کو دوبارہ الیکشن کا مطالبہ تسلیم کرکے اپنے موقف کی صداقت عملاً ثابت کر دینی چاہیئے لہٰذا بنیاد سب چیز کی امان اللہ خان کا بیان ہے جو کہ based ہے وزیر اعلیٰ کے سرحد کے بیان پر جس کا اشارہ قاضی عبداللطیف صاحب نے بھی کیا کہ الیکشن بھائی چارے کی فضا میں ہوئے ہیں۔ اگر کوئی کہتا ہے کہ بھائی چارے کی فضاء میں ہوا ہے اور وہ ایک متفقہ الیکشن ہے تو اس سے اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے یا نہیں ہوتا ۔ اس پر آپ اظہار خیال فرمائیں ۔

ملک فرید اللہ خان : Sir میں آپکی توجہ روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی مورخہ ۴ رمئی ۱۹۸۵ ء کی طرف دلاتا ہوں ہیڈنگ ہے ، "فوجی گورنروں کی جگہ سویلین گورنر مقرر کئے جائیں اور سرحد کے سینیٹروں کا انتخاب کالعدم قرار دیا جائے" میجر حبیب اللہ خان ——— سرحد اسمبلی کے رکن میجر حبیب اللہ خان (ریٹائرڈ) نے مارشل لاء کے خاتمے ، سیاسی جماعتوں کی فوری

بحالی، فوجی گورنروں کی علیحدگی، صوبہ سرحد کے سینٹروں کے انتخاب کو کالعدم قرار دینے اور فوجی عدالتیں ختم کرنے سے متعلق قومی اسمبلی کے رکن گوہر ایوب خان کے مؤقف کو حقیقت پسندانہ قرار دیا۔ انہوں نے گوہر ایوب کے حالیہ بیانات کی تائید کرتے ہوئے کہا صوبہ سرحد میں سینٹروں کے انتخابات نہیں سلیکشن ہوئی ہے انہوں نے الیکشن کمیشن سے مطالبہ کیا کہ سرحد کے سینٹروں کے انتخابات کو کالعدم قرار دے کر دوبارہ الیکشن کرایا جائے تو Sir, یہ اصل بیان ہے جس پر میں نے تحریک استحقاق پیش کی ہے۔

جناب چیئرمین : جو ہمیں پہنچا ہے، میں نے وہ آپکو سنا دیا ہے۔

ملک فرید اللہ خان : نہیں Sir, ، یہ تو دوسرا ہے۔ میں نے تو میجر حبیب اللہ خان کی سٹیٹمنٹ پر یہ موشن دیا ہے۔ امان اللہ جدون کی سٹیٹمنٹ پر نہیں دیا ہے۔ میری تحریک استحقاق کی بنیاد میجر حبیب اللہ کے بیان پر ہے۔ جو کچھ امان اللہ جدون نے کہا ہوگا میں اس کی بات نہیں کرتا وہ کوئی دوسرا علیحدہ ایشو ہے ہمارے پاس جو بیان ہے اس سے اراکین سینٹ صوبہ سرحد کا استحقاق مجروح ہوا ہے اب آپ ممبران کی رائے دیکھ لیں کہ استحقاق مجروح ہوا ہے کہ نہیں؟

جناب چیئرمین : جناب شاد محمد خان صاحب ،

جناب شاد محمد خان : جناب چیئرمین صاحب! مولانا کوثر نیازی سے معذرت کیساتھ، آج وہ اس پر اگر یہ چیلنج کر رہے ہیں کہ یہ الیکشن درست نہیں ہوئے تو کیا ان کو یہ یاد نہیں کہ وہ سارے پاکستان کا چکر لگا کر انہی لوگوں سے ووٹ مانگتے رہے ہیں۔ جس کے نتیجے میں وہ منتخب ہو کر یہاں آئے ہیں۔ اب وہ اس کی تردید کر رہے ہیں یہ اچھی بات نہیں ہے۔

دوسری سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جناب والا! چکر سب وارداتوں کا ہے۔ اگر گوہر ایوب وزیر ہو جاتے اور نہ وہ وزارت سے محروم ہوتے، نہ استحقاق مجروح ہوتا نہ یہ سوال پیدا ہوتا۔ اس کے بعد تیسری بات یہ ہے کہ گوہر ایوب ایک ممبر کی بھی حمایت حاصل نہیں کر سکے اور گورنمنٹ نے بڑا اچھا کیا ہے۔ جو ان کو نمائندگی نہیں دی چوتھی بات یہ کہ ہم آج سینٹ میں بیٹھے ہوتے ہیں۔ لیکن امان اللہ خان نے جنکو propose کیا ہے کیا وہ اسکی تردید نہیں کر رہے ہے کہ خود ہی انہوں نے propose کیا ہے اور باہمی مشاورت سے صوبے کے ہر کونے کو نمائندگی دے کر بڑا کردار ادا کیا گیا ہے۔ لہٰذا اگر امان اللہ خان کو بھی صوبے میں وزارت مل جاتی تو نہ ہاؤس کا استحقاق مجروح ہوتا، نہ ان کو تکلیف ہوتی وہ جلی کٹی دکھ دینے والی

[Mr. Shad Muhammad Khan]

کئی باتیں کر رہے ہیں ۔ واقعی انہوں نے یہ زیادتی کی ہے ان کے خلاف کوئی نہ کوئی کارروائی ہونی چاہیئے ۔

جناب محمد محسن صدیقی : پوائنٹ آف آرڈر, Sir، میں گذارش کروں گا کہ یہ جو بیانات آپ نے اور میرے محترم دوست نے پڑھ کر سنائے ہیں ۔ اس میں گوہر ایوب کے بیان کا حوالہ ہے کہ کیا یہ مناسب نہ ہوگا ۔ کہ وہ بیان پڑھ کر سنایا جائے ۔

جناب چیئرمین : اس لئے میں عرض کر رہا تھا کہ وہ بیان ہمارے پاس نہیں ہے ۔ یہ روائت ایک دوسرے سے چلی آرہی ہے کہ فلاں نے یہ کہا کن الفاظ میں گوہر ایوب خان نے کہا کن الفاظ میں امان اللہ جدون نے سنا دیا وہ اصلی بیان نہیں ہے البتہ ایک دوسرے کو quote کرتا ہے ۔ اور ایک دوسرے کی تائید کرتا ہے ۔

جناب محمد محسن صدیقی : میری گذارش یہ ہوگی کہ اس مسئلے کو کل لے لیا جائے اور خود گوہر ایوب کا بیان سامنے لایا جائے ۔ وہ بیان اس استحقاق کی بنیاد ہوگا ۔ اس لئے کوئی فیصلہ بغیر اس بیان کے سنے مناسب نہیں ہوگا ۔

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: Under Rule 59(2) this matter is not being raised at the earliest opportunity. The House has been in session for the last several days. This Motion could have been brought several days ago.

Mr. Chairman: This is also one of the aspect which can be taken into account.

قاضی حسین احمد : جناب والا ! میرا خیال ہے کہ ہمیں اس طرح کے بیانات پر بہت زیادہ حساس نہیں ہونا چاہیئے ۔ اس طرح کے بیانات ہمارے خلاف بھی آتے رہیں گے ۔ ریفرنڈم پر بھی آرہے ہیں، صدر مملکت کے الیکشن پر آرہے ہیں قومی اور صوبائی اسمبلیوں اور پورے غیر جماعتی سسٹم پر آرہے ہیں ۔ اگر اس طرح بیانات کو ہم بہت زیادہ اہمیت دیں گے تو اس سے ایوان کا وقت ضائع ہوگا اور ایک ایسے معاملے کو غیر معمولی اہمیت ملے گی جس کی اہمیت نہیں ہے ۔

عبداللطیف قاضی : جناب والا ! میں نے پہلے بھی گذارش کی تھی کہ یہ ہمارے صوبہ سرحد کے استحقاق کا مسئلہ نہیں ہے میں آپ کی وساطت سے مولانا کوثر نیازی صاحب سے یہ گذارش کروں گا کہ

اے چشم اشک بار ذرا دیکھ تو سہی ،

یہ گھر جو بہہ رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو ،

یہ ساری اسمبلی کی توہین ہے ۔ اگر اس اسمبلی کے اندر ایک بہت بڑی تعداد ان لوگوں کی ہے ۔ جو غیر قانونی طور پر آتے ہیں ۔ تو میرا خیال یہ ہے کہ پھر یہ ساری اسمبلی ہی کی توہین ہے اور سب کو اس نوٹس لینا چاہیئے اس کا بہترین طریقہ تو یہی ہے کہ آپ کو کمیٹی کے حوالے کر دیں اور وہ اس کا فیصلہ کر دے کہ واقعی کوئی استحقاق ثابت ہوتا ہے یا نہیں ۔

جناب چیئرمین : مولانا سمیع الحق صاحب !

مولانا سمیع الحق : جناب والا ! میں صرف ایک گذارش کرتا ہوں کہ اگر ان اعتراض کرنے والوں کی بات میں کوئی بھی ثبوت ہوتا یا ان کو جرأت ہوتی تو وہ الیکشن ٹریبونل میں کیوں نہ جاتے ؟

جناب چیئرمین : صحیح ہے ، جناب مولانا کوثر نیازی صاحب !

مولانا کوثر نیازی ! جناب والا ! خان صاحب نے یہ تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی ہے کہ میں قومی اسمبلی کے اراکین کی جائز طور پر منتخب ہونے کے استحقاق میں شک رکھتا ہوں ۔ میرے دل میں ان سب کا بے حد احترام ہے ، ہر چند کہ میری رائے اس وقت بھی یہ تھی اور آج بھی یہ ہے کہ الیکشن Party-less بنیاد پر نہیں ہونے چاہئیں اور اس موقف کو جانتے ہوئے ان حضرات نے مجھے ووٹ دیا اس کے لئے میں ان کا بے حد شکر گذار ہوں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آزادانہ انتخابات میں وہ بے جا طور پر عوام کے نمائندے بن کر سامنے آئے ہیں اور اس کے لئے ہمارے دل میں ان کا بے حد احترام ہے ، میں جو کہنا چاہتا تھا وہ صرف یہ ہے کہ آپ اتنے حساس کیوں ہیں ۔ قاضی صاحب کو میں آپ کی وساطت سے عرض کر رہا ہوں قاضی صاحب اگر آپ چاہیں تو میں یہاں ان اخبارات ، رسالے اور جریدوں کا ڈھیر لگا کر دکھا سکتا ہوں ۔ ان سینکڑوں بیانات کا جن میں ان الیکشنوں پر ، ان ہاؤسز پر یہ ساری باتیں کہی گئی ہیں یہانتک کہا گیا ہے کہ یہ مارشل لاء کے تابع مہمل ہیں ، یہ کوئی کام کرنے کے قابل نہیں ہیں وغیرہ وغیرہ ۔ تک کے الزامات لگیں ، آپ یہ پنڈورا باکس کیوں کھولتے ہیں ۔ کیوں اس چکر میں پڑتے ہیں ۔ کس کس کو آپ سزا دیں گے ۔ آپ دریا دلی سے کام لیں سیاست کو سیاست کے رنگ میں لیں ان کو جرم و سزا کا موضوع نہ بنائیں ۔

جناب ظہور الحق : جناب والا ! بعض اخبارات کی بات ہو رہی ہے اگر ٹائم ملا اور آپ نے یہ مسئلہ کمیٹی کو ریفر کیا ..... (مداخلت)

جناب چیئرمین : آواز شائد نہیں آرہی ، مائیکروفون ذرا استعمال کریں ۔

Mr. Zahoor-ul-Haq: If your honour refer it to the Committee I will be able to produce a telegram sent by Mr. Gohar Ayub Khan to the Chief Election Commissioner, copies were provided to the various M.N.As, saying that the election to the Senate were fradulent and what not. It was a direct telegram and was circulated to all the Members and the M.N.As and they are saying it is not the breach of privilege. One fourth segment of your House about 27 has been deferred, and you say it is not a breach of privilege. Therefore, if you refer it to the Committee I will produce a copy of the telegram and I will produce the M.N.A. who had handed over the telegram to me.

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: If this issue is important, if the matter is of such significance, you should have taken the matter on the first day of the meeting of this House. Afterall the telegram was available to everybody.

Mr. Chairman: You are referring to which question?

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: I am referring to Rule 59(2) The question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity. Now, the earliest opportunity was on the day of the opening of the session or the next day. The references are being made of 14th of May, of the newspapers' cuttings, then of 14th of 29th of June. Today, it happens to be the 10th of July. I seek your indulgence that we should certainly take note of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate.

Mr. Zahoor-ul-Haq: May I give a reply to the honourable Member? There are issues of this House which are continuing wrong. You can not say that it is an affair of a long distance in time. It is a continuing wrong and that will continue till such time this House exists. So, the provision of Rule 59(2) pressed by my learned friend is totally misconceived.

<u>قاضی حسین احمد</u> : جناب والا ! یہ سیاسی مسئلہ ہے ۔ یہ تسلسل کے ساتھ پورے سسٹم کو چیلنج کیا جائے گا، غیر جماعتی الیکشنز کو بھی چیلنج کیا جائے گا، اس نظام کو چیلنج کیا جائے گا اور ایک دو آدمی نہیں ہیں، پوری کی پوری اپوزیشن ہے جنہوں نے اس پورے سسٹم میں حصہ نہیں لیا اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ استحقاق کا مسئلہ نہیں ہے ۔ یہ سیاسی مسئلہ ہے اسکو ہم غیر سیاسی پلیٹ فارم پر face کریں گے ۔

<u>جناب چیئرمین</u> : جناب اقبال احمد خان صاحب آپ کچھ فرمائیں گے؟

<u>جناب اقبال احمد خان</u> : جناب والا! میں اس تحریک استحقاق کے متعلق گورنمنٹ کی طرف سے کچھ عرض نہیں کرنا چاہتا ۔ صرف یہ گذارش ہے کہ اس بیان سے یقیناً اس معزز ایوان کے اراکین کے جذبات مجروح ہوئے ہیں ۔ اور چاہیئے یہ تھا کہ جس کسی فرد کو ان انتخابات پر اعتراض

تھا۔ تو اس کے لئے ایک الگ ضابطہ مقرر ہے اور اس کے مطابق الیکشن پٹیشن داخل کی جا سکتی تھی بہرحال میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کے معزز اراکین نے جن جذبات کا اظہار کیا ہے وہ متعلقہ افراد تک پہنچ چکا ہوگا اور انہیں چاہیئے کہ آئندہ اس بات سے احتیاط رکھیں اور جو قانون نے انہیں اختیار دیا ہے اس کے مطابق وہ کارروائی کر سکتے ہیں بجائے اس کے کہ اس قسم کے غیر ذمہ دارانہ بیانات دیں Admissibility کے متعلق جناب والا میں اس سلسلہ میں کچھ اس سے زیادہ عرض نہیں کر سکتا ہوں جو اس ایوان میں پہلے کہا جا چکا ہے۔

جناب چیئرمین: جذبات اور استحقاقات میں آپ کچھ فرق رکھیں گے یا نہیں؟ جذبات تو ضرور مجروح ہوئے ہیں اور استحقاق مجروح ہوا ہے یا نہیں ہوا ہے۔

جناب اقبال احمد خان: میں نے عرض کیا ہے کہ ان کے جذبات ان تک پہنچ چکے ہوں گے۔ اور جواب کسی نہ کسی طریقے سے انکو دیا جا چکا ہے اب آپ اسکی admissibility کے متعلق فرمائیں کہ آیا یہ admissible ہے کہ نہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! میری بہت ہی مؤدبانہ درخواست اس ایوان کے تمام ہی معزز اراکین سے اور خصوصاً اپنے ان بزرگ اور بھائیوں سے ہے جنکا تعلق صوبہ سرحد سے ہے میں بھی یہ بات محسوس کرتا ہوں کہ اس قسم کے بیانات فطری طور پر ہم سب کے جذبات کو مجروح کرتے ہیں اور سیاست میں بھی ہمیں اس اصول کو پیش نظر رکھنا چاہیئے کہ خیال خاطر احباب چاہیئے ہر دم، لیکن جب ہم نے سیاست میں قدم رکھا تو پھر پتھر تو آئیں گے اور ہمیں ٹیکنیکل چیزوں کا سہارا نہیں لینا چاہیئے نہ اپنے آپ کا دفاع کرنے کے لئے اور نہ خالص ٹیکنیکل بنیادوں پر اس قرارداد کو ریجیکٹ کرنے کے لئے۔ میں چاہوں گا کہ ہم ان معاملات کا زیادہ فراخدلی سے مقابلہ کریں یہ سیاسی بحثیں ہیں۔ میرے اور دوستوں نے یہ بات کہی ہے کہ سیاسی بحثوں کو آپ قانونی انداز میں یا تحریک استحقاق کے ذریعے سے بیان نہیں کر سکتے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہم سب آزادی اظہار کے بڑے حامی ہیں۔ ہم جمہوریت کا مطالبہ کرتے ہیں ہم لوگوں کو یہ حق دیتے ہیں کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں تو اس میں ایسی باتیں بھی ہوں گی جو سو فیصدی درست ہوں لیکن ایسی باتیں بھی ہوں گی جو سو فیصدی درست نہ ہوں لیکن اگر آپ اس کی بنیاد پر آزادی اظہار کو روک دیں تو یہ بڑا سانحہ ہوگا تو اس بناء پر میں بڑے ادب کے ساتھ اپنے ساتھیوں سے درخواست کروں گا کہ ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے میں اسکو محسوس کرتا ہوں لیکن دوسری طرف

[Prof. Khurshid Ahmad]

یہ عرض کروں گا کہ پبلک لائف اختیار کرنے کے بعد ایک نہیں ایسے بہت سے مواقع ہمیں face کرنا ہوں گے اس میں ہماری عظمت ہے بجائے اس کے کہ ہم تحاریک استحقاق یا قانونی راستوں کا سہارا لیں پورے ادب سے میں یہ درخواست کرنا چاہتا تھا۔

ملک فرید اللہ خان: میری گذارش یہ ہے کہ جو استحقاق مجروح ہوتا ہے جیسے پروفیسر صاحب نے فرمایا ہے کہ آزادی تحریر و تقریر ملک میں ہونی چاہیئے تو اس کے لئے ایک قاعدہ ہے کہ اگر ایک چیز غلط ہوتی ہے تو ایک آدمی کو یہ حق ہے کہ قانون کے تحت وہ عدالت میں جائے اور اس چیز کو چیلنج کرے اب یہاں تو مسئلہ یہ ہے کہ یہ صاحبان ہمیں بحیثیت رکن سینٹ تسلیم نہیں کرتے وہ کہتے ہیں کہ یہ دھاندلی کے ذریعے اس سینٹ کے ارکان بنے ہیں۔ جب وہ ہمیں تسلیم ہی نہیں کرتے تو ہمارا استحقاق ـــــ استحقاق کیا چیز ہوتی ہے؟ میں نہیں سمجھتا کہ کوئی ہمارے سر پر ڈنڈا مارے تو اس وقت استحقاق مجروح ہوگا ـــــ معزز اراکین ذرا غور کریں کہ اس سے بڑا استحقاق کیا ہو سکتا ہے کہ جب وہ ہمیں تسلیم ہی نہیں کرتے صرف مجھے ہی نہیں، Sir, آپ کو بھی، یہاں ہمارے محترم وزیر سلیم سیف اللہ خان صاحب ہیں انکو بھی تسلیم نہیں کرتے، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے، نہ صرف ہمارا بلکہ پورے معزز ایوان کا۔ میں جناب یہی گذارش کرونگا کہ یہ مسئلہ کمیٹی کے سپرد کیا جائے تاکہ لوگوں کو یہ احساس ہو کہ جو اخبارات غیر ذمہ دارانہ بیانات دیتے ہیں ان کا نوٹس لیا جاتا ہے۔ شکریہ۔

جناب محمد ابراہیم زکی بلوچ: جناب والا! جیسا کہ انریبل منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ صوبہ سرحد کے ممبران کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، استحقاق مجروح نہیں ہوا۔ جناب والا! میں ان سے یہ گذارش کرونگا کہ اگر صوبہ سرحد کا کوئی سینیٹر یہ کہہ دے کہ جناب پنجاب کے نیشنل اسمبلی کے الیکشن ٹھیک نہیں ہوئے تو اس میں جناب کیا فرمائیں گے؟ استحقاق مجروح ہوگا کہ نہیں؟

جناب اقبال احمد خان: میں نے جناب یہ عرض نہیں کیا میں نے کہا کہ جذبات مجروح ہوتے ہیں۔ استحقاق کے متعلق میں نے یہ عرض کیا ہے کہ Chair اس کے متعلق فیصلہ کرے۔ صرف بات اتنی ہوئی تھی۔ مجھ سے پوچھا گیا تھا کہ استحقاق اور جذبات مجروح ہونے میں کیا فرق ہے۔ میں نے کہا فرق تو ہے۔ میں نے یہ عرض نہیں کیا کہ استحقاق مجروح نہیں ہوا۔ میں نے اس میں اپنی رائے کوئی نہیں دی۔ میں نے Chair سے گذارش کی ہے کہ وہ اس مسئلے کا فیصلہ فرمائیں۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! گذارش یہ ہے کہ ہمارے بعض دوستوں نے تذکرہ کیا ہے اور ہمیں فراخدلی کا مشورہ دیا ہے - ہم ان کے ممنون ہیں - یہ ٹھیک ہے کہ ان معاملات میں دریا دلی ہونی چاہیئے لیکن میرا خیال یہ ہے کہ آزادی صحافت اور آزادی تحریر و تقریر اور اسی طریقے سے سیاست کے میدان کے کبھی کچھ قواعد و قیود ہوتے ہیں اور حدود بھی ہوتے ہیں جس طریقے سے کہ کل ہمارے وزیر داخلہ صاحب نے اس کے متعلق فرمایا تھا اگر آپ آزادی تقریر و تحریر کے یہ معنی لیتے ہیں کہ اگر کوئی کسی کو گالیاں دے تو پھر آزادی تقریر و تحریر میں آتا ہے - میں یہ سمجھتا ہوں شارع عام میں ہر کسی کو گذرنے کا حق حاصل ہے لیکن ٹریفک بند نہ ہو - اس میں یہ اصول ہوتا ہے - اگر آپ اسکو تسلیم نہیں کریں گے تو کسی غلط ٹریفک والے کا آپ چالان نہیں کر سکیں گے اس کا مقصد یہ نہیں ہے کہ آزادی تقریر و تحریر کا یہ مطلب ہے کہ ایک شخص میری توہین کرتا ہے اور میری عزت پر حملہ کرتا ہے اور آپ کہیں کہ یہ آزادی تقریر و تحریر میں آتا ہے میں ان حدود کو سمجھتا نہیں ہوں کہ تقریر و تحریر کا معنی کیا ہوتا ہے ؟

صاحبزادہ الیاس : پوائنٹ آف آرڈر ! میں آپ کی وساطت سے وزیر انصاف سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ الیکشن کے بارے میں تمام ذمہ داری چیف الیکشن کمشنر کی ہے اور ہونی چاہیئے - جب یہ نوٹیفکیشن ہوگیا اور کوئی قانونی کارروائی کسی سمت سے کسی ممبر کے خلاف نہیں ہونے پائی تو ایسی صورت میں آیا یہ بیانات جو ہیں اس سے چیف الیکشن کمشنر کی توہین نہیں ہوتی ؟

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir I am reading from May's Parliamentary Practice (16th Edition) page 47. "The two Houses are thus of equal authority for administration of a common body of privileges; each House is a constituent part of Parliament and exercises its own privileges, independent of the other". I am leaving a few irrelevant sentences here. "These are declared and expounded by each House. Breaches of privileges are adjudicated and censured by each House." This is what I say. I have read this chapter Each House decides breach of privilege by its own Member. What my learned friend Mr. Javed Jabbar has said some action has been taken against a Senator by the National Assembly. It was in that context that I examined this question and not that I examined this in the context of the present Privilege Motion.

Mr. Chairman: But you have said earlier that Mr. Gohar Ayub is not a Member of this House perhaps (*Intorruption*)—

Mr. Hasan A. Shaikh: This House cannot take action. The other House should take action, if any. I personally think, there is no privilege.

Mr. Chairman: But you are only confirming that this House is absolutely free and competent to take a decision in this manner by quoting actually the Mays Parliamentary Practice.

Mr. Hasan A. Shaikh: An election petition is pending against me. There is not one but two. So how does it vary? Is it a breach of privilege? My election has been questioned before the Election Tribunal and if Gohar Ayub wants to question their election, he should go before the Tribunal.

Mr. Zahoor-ul-Haq: Sir, the quotation from page 47 by my learned friend Shaikh Sahib is totally irrelevant. The House of Commons and the House of Lords are independent bodies and there is no provision in the May's Parliamentary Practice that . if a Member of the House of Commons commits contempt or breach of privilege of the House of Lords he cannot be arraigned. As a matter of fact, we are not governed by (*Interruption*).

Mr. Chairman: We are not, I think, discussing this. The House is fully competent to take action against anybody. There is no question on that, I am very clear in my mind. The question is how do we proceed about it? Do we treat it as a breach of privilege? It depends upon admissibility.

یعنی ہم سے استحقاق کا موضوع بنائیں یا نہ بنائیں یہ سب admissibility پر depend کرتا ہے جو مولانا کوثر نیازی صاحب نے شروع میں ارشاد فرمایا اس کی تائید جو محترم قاضی حسین احمد صاحب نے کی اور اس کی مزید تائید جو پروفیسر خورشید احمد صاحب نے کی یہ بیانات صرف Individual ممبر نہیں اٹھا رہے ہیں وہ اسمبلی کے ہیں یا کوئی باہر کے ہیں۔ لیکن پبلک کے بہت سارے اصحاب کی رائے جو اخبارات میں آرہی ہے پوری ایم آر ڈی کا جو سلسلہ ہے، یہاں تک کہا جاتا ہے کہ یہ سب الیکشنز فراڈ ہیں ان ہاؤسز کو کوئی اختیار نہیں یہ کمپٹینٹ ہاؤسز نہیں ہیں اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان حالات میں ہم کیا کریں

ایک View تو یہ لیا جا سکتا ہے کہ جناب جدون صاحب یا جناب گوہر ایوب صاحب کا خود استحقاق مجروح ہوا ہے کیونکہ شاد محمد خان کہتے ہیں کہ ان کو وزارت نہیں ملی اور وہ اپنے آپ کو وزارتوں کا مستحق سمجھتے تھے ایک View یہ ہے کہ ان کا استحقاق اس sense میں مجروح ہوا ہے کہ وہ وزیر نہیں بنے۔ دوسرا یہ ہے کہ ہمیں اس میں کیا رویہ اختیار کرنا

چاہیئے۔ پہلے بھی میں نے کہا تھا کہ Privileges کو اگر ہم دیکھیں اور اس کو strictly define کریں تو ، جو لاء منسٹر صاحب نے فرمایا کہ جذبات مجروح ہوئے وہ بات ضرور ہے، لیکن غالباً پریولیج کی بات نہیں ہے جب اس نے شروع بھی یہاں سے کیا ہے کہ وہ چیف الیکشن کمشنر کو، جو کہ صاحبزادہ الیاس صاحب نے پوائنٹ اٹھایا کہ چیف الیکشن کمشنر کو خود تار دیئے ہیں کہ یہ الیکشن صحیح نہیں ہے اور چیف الیکشن کمشنر نے اس پر کوئی ایکشن نہیں لیا۔ تو یہ تو چیف الیکشن کمشنر پر ہے کہ اگر ایک شخص کو وہ غلط، mischievious deliberately false information دیتے ہیں۔ تو یہ چیف الیکشن کمشنر صاحب پر ہے کہ وہ کوئی نوٹس لے۔ کیونکہ وہی ایک ادارہ ہے جو کہ ہماری legality or validity پر مہر لگاتا ہے۔ اس کو ایکشن لینا چاہیئے۔ میرے پاس یہاں پر دو رولنگز ہیں جو کہ اس قسم کے معاملات پر پہلے دی گئی تھیں وہ یہ ہیں۔

. These are the speeches in writing, reflecting on the House on the Committees and Members. In them it is stated that in order to constitute a breach of privilege however, a libel upon a Member of Parliament must concern his character or conduct in his capacity as a Member of the House. It must be based on matter arising in the actual transaction of the business of the House. Reflections upon Members, otherwise than in their capacity as Members, do not, therefore, involve any breach of privilege or contempt of the House. Similarly, speeches containing vague charges against Members or criticising their parliamentary conduct in a strong language particularly in the heat of a public controversy without any ***malafides*** are not treated by the House as a contempt or a breach of privilege.

دوسرا یہ ہے کہ محسن صدیقی صاحب نے ارشاد فرمایا کہ اصلی حدیث، نعوذباللہ میں اس sense میں نہیں کہہ رہا۔ لیکن جو اصل قول ہے جن اصحاب کے بیانات پر یہ سب کچھ based ہے وہ ہمارے پاس نہیں ہیں۔ اس سے اندازہ نہیں ہو سکتا کہ کس حد تک یہ بریچ آف پریولیج ہے یا نہیں ہے۔ اسی طرح کا معاملہ ایک اور context میں بھی arise ہوا تھا۔ اس کو بھی آپ میرے خیال میں سن لیں۔ کیونکہ اس کی کچھ ریلیونسی اس میں ہو سکتی ہے وہ ایک تحریک التوا تھی۔ اور یہ اسی ہاؤس کی ۱۹۷۵ کی کارروائی ہے

On 16th January, 1974. Mufti Mahmud Sahib (May his soul rest in peace) sought to move an Adjournment Motion relating to the alleged

[Mr. Chairman]

interference by the Governor of NWFP in a by-election to the Provincial Assembly. He argued that under the Constitution, a Governor was supposed to be a non-political person and should not, therefore, take part in any election compaign. He futher argued that the election being a Federal subject, the Adjournment Motion could be discussed in the National Assembly. The Law Minister stated that under the Constitution, the responsibility of ensuring fair elections lay with the Chief Election Commissioner and any alleged irregularity or illegality could be challenged through an election petition for setting aside the elections. He further stated that the National Assembly was not competent to discuss the alleged irregularity in any elections. Mr. Speaker agreed with the Law Minister and observed that the National Assembly could not sit and hold an enquiry in an election dispute. Remedy for any irregularity or illegality of an election lay in filing än election petition before the Chief Election Commissioner. The Adjournment Motion was accordingly ruled out of order.

یہ ایک دوسری رولنگ ہے ۔ تیسرا پوائنٹ جو جناب جنرل سعید قادر صاحب نے اٹھایا اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ صحیح ہے کہ وہ earliest opportunity پر آنا چاہیئے ۔ لیکن جہاں تک ممبر صاحب کا تعلق ہے انہوں نے یہ موشن ہمیں ۸ ر جولائی کو دی تھی جو کہ اجلاس کے دو یا تین دن بعد کا وقت تھا ۔ لیکن میری رائے یہ ہوگی کہ technicalities کی ہم shelter نہ لیں ۔ اس کو broader Context میں اور Political Context میں لیں ۔ میرے خیال میں اس کو آپ رولنگ ہی سمجھیں کہ اس سے نہ ایوان کا نہ ہم میں سے کسی ممبر کا ذاتی طور پر استحقاق مجروح ہوتا ہے ۔ جس کا استحقاق مجروح ہوا ہے اس کے بارے میں میں پھر عرض کرتا ہوں کہ جو اصحاب کو ، وہ یہ سمجھتے تھے کہ یہ ان کا حق ہے کہ وہ منسٹر بنیں اور وہ نہیں بنے ۔ میرے خیال میں ان کا اپنا استحقاق مجروح ہوا ہے اور ہمیں وہ broader view لینے کی بات ہے ایک دو شعر پہلے بھی سنائے گئے تھے ایک اور بھی سناؤں کہ

عرفی تو می اندیش ز غوغائے رقیباں
آواز سگاں کم نہ کند رزق گدا را

ایک معزز رکن : جناب آپ نے جو رولنگ دی ہے آپ ہمارے بہت ہی قابل احترام ہیں ۔ ہمیں آپ پر فخر ہے آپ نے شعر پہ اپنی رولنگ کا خاتمہ کیا ہے میں بھی اپنے شعر سے ....

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس کا جواب ہی یہی ہے ۔

ایک معزز رکن : جناب میں بھی ایک شعر آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ

تیری کج ادائیوں پہ تیری بے وفائیوں پہ
کبھی سر جھکا کے روئے کبھی منہ چھپا کے روئے

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! میں جس پوائنٹ آف آرڈر پر عرض کرنا چاہتا ہوں ، اس سے پہلے میں ایک relevant rule آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں تحاریک التوا کے چیپٹر میں ۷۰ نمبر ہے ۔

Notice of a Motion under Rule 69 explaining the matter proposed to be discussed shall be delivered to the Secretary in quadruplicate not less than two hours before the commencement of the sitting in which the Motion is proposed to be moved; and the Secretary shall thereupon bring the notice to the knowledge of the Chairman, the Leader of the House, the Minister concerned and the Minister for Law and Parliamentary Affairs.

جناب والا ! میں نے صبح چھ بجے کوئٹہ میں کرفیو کے نفاذ اور حکومت کو غلط مذہبی پالیسی کے نتیجے میں فرقہ واریت کے فروغ پر ایک ایڈجرنمنٹ موشن سینٹ میں پہنچائی ۔ میں خود یہاں حاضر ہوا ۔ جب میں یہاں ساڑھے نو بجے پہنچا تو میں نے معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی سیکرٹریٹ کے افسران اس سے واقف ہی نہیں تھے جبکہ رول یہ کہتا ہے کہ سیکرٹری کے نوٹس میں یہ لایا جائے اور وہ آپ کے نوٹس میں لائے ابھی چند منٹ بیشتر وہ تحریک التواء سائیکلوسٹائل کر کے میرے مطالبے پر مجھ تک پہنچائی گئی ۔ اور مجھے یقین ہے کہ آپ بھی ابھی تک اسے ملاحظہ نہیں فرما سکے ہیں ۔ اور متعلقہ وزیر داخلہ چونکہ ایوان میں تشریف نہیں رکھتے تھے تو ان کو بھی ابھی تک وہ تحریک نہیں ملی ہوگی جناب والا ! میں چاہتا ہوں کہ آپ اپنی مشینری کو اس حد تک مؤثر بنائیں کہ اگر ہم محنت کریں اور آپ کے رولز کے مطابق دو گھنٹے پہلے نہیں بلکہ تین ساڑھے تین گھنٹے پہلے سینٹ کو یہ تحریکیں پہنچائیں تو کم سے کم وہ اجلاس سے ایک دو گھنٹہ بیشتر یا آدھا گھنٹہ بیشتر متعلقہ افراد کو مل جانی چاہئیں ۔

جناب چیئرمین : آپ کا ارشاد بالکل صحیح ہے میں نے پہلے دن یہ عرض کیا تھا اور پھر دوبارہ معذرت چاہوں گا کہ مشینری ہماری کافی rusty ہو چکی ہے ۔

[Mr. Chairman]

ایک تو بالکل ہی Inadequate ہے۔ It is not properly staffed.

دوسرا یہ کہ ابھی تک ہم سیکرٹری صاحب کی بھی تلاش میں ہیں۔ کہ سینیٹ کا سیکرٹری علیحدہ ہو۔ یہ کچھ مشکلات بھی ضرور ہیں۔

دوسرا جہانتک آپ نے رول کا حوالہ دیا یہ بالکل صحیح رول ہے اور اس سے انشاءاللہ انحراف نہیں ہوگا۔ جہانتک کوئٹہ کے واقعات کا تعلق ہے آج اس موضوع پر تین یا چار تحاریک التواء ہیں سب سے پہلے جاوید جبار صاحب کی ہے۔ دو اور بھی آئی ہیں۔ میرا خیال ہے۔ نام بھول رہا ہوں طارق چوہدری صاحب کی ہیں۔ ایک درخواست وزیر داخلہ صاحب سے آئی ہے چونکہ آج وہ کمیٹی کے کام میں بہت ہی مشغول ہیں۔ ان کی درخواست ہے کہ جو ان سے متعلق تحاریک التواء کوئٹہ کے بارے میں ہیں وہ کل تک ملتوی کی جائیں میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ صاحبان کو اگر یہ منظور ہے تو ان کی موجودگی میں یہ discuss ہو جائے تو بہتر ہوگا۔ اگر آپ As per rules چاہتے ہیں۔ تو الگ بات ہے وہ ہو جائے گی۔ لیکن اس میں پریولیج نہیں ۲۲۔ ۲۳۔ ۲۹۔ ۳۰ اور ۳۱ یہ سب پھر کل لی جائیں گی۔

Mr. Javed Jabbar: Adjournment Motion of 7th July unfortunately not taken up on the 8th or 9th because of the urgency of the situation.

Mr. Chairman: We are not complaining about (*Interruption*)—.

Mr. Javed Jabbar: No, No, realize that somebody is postpoing it till tomorrow, suppose we are able to ....

Mr. Chairman: Only the point is that actually the Minister of Interior is not here and we would not be able to do justice to those Motions.

Mr. Javed Jabbar: No other Minister would be able to handle that.

Mr. Chairman: No other Minister can handle a Motion like this.

اگر آپ کو منظور ہے تو یہ پانچوں ایڈجرنمنٹ موشنز جو ۲۲، ۲۳، ۲۹، ۳۰ نمبر پر ہیں اور مولانا صاحب کی ملا کر اب ۳۱ نمبر ہو گیا ہے یہ پھر کل ہم سے لے لیں گے۔

ایک معزز رکن : اس کے ساتھ کیا ۲۲- اور ۲۳ کا تعلق نہیں ہے جناب؟

جناب چیئرمین : اچھا ! لیکن وہ بھی وزیر داخلہ سے متعلق ہے۔ جی نبی بخش زہری صاحب۔

میر نبی بخش زہری : عزت مآب جناب چیئرمین صاحب! زیر بحث موضوع کوئٹہ کے متعلق جو ایڈجرنمنٹ موشنز پیش ہوئی ہیں۔ اور آپ نے جن خیالات اور تجاویز کا اظہار کیا ان کی روشنی میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ ہم اس میں ڈائریکٹ تعلق رکھتے ہیں ہمیں خوشی ہے کہ ہمارے بھائی، ہمارے شہر/علاقے میں اتنی ہی دلچسپی لیتے ہیں جتنی کہ ہم لیتے ہیں۔ ہم وہاں کے رہنے والے یہاں بیٹھ کر سو فیصد حالات سے واقف نہیں ہیں ہم خود جانا چاہتے تھے مگر ہم نے اس سینٹ کے سیشن کو Important سمجھا اور ہم یہاں موجود رہے۔ میرا خیال ہے کہ میرے سینٹر برادری ان تحاریک کو اس لئے کل تک ملتوی رکھیں کیونکہ وزیر داخلہ معلومات officially لیتے ہیں۔ اور وہ یہاں موجود بھی نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین : یہی میری تجویز ہے وہ کل تک Postponed ہیں

Next is Adjournment Motion No. 24. No. 12, and 14 are still outstanding.

An honourable Member: They are for 11th July.

Mr. Chairman: You have told that they are for 11th.

جناب اقبال احمد خان : جناب میں اعتراض نہیں کر رہا فنانس منسٹر صاحب ابھی ایک اہم میٹنگ میں چلے گئے ہیں۔ اور وہ کہہ گئے ہیں کہ وہ اس پر کچھ اظہار خیال کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسے کل پر رکھ لیں۔

مولانا سمیع الحق : مجھے پیش کرنے دیں پھر آپ کہیں۔

Mr. Chairman: Let it be read it out then we will take up.

جناب اقبال احمد خان : پھر مولانا مجھے اس پر قانونی اعتراض کرنا ہوگا۔

مولانا سمیع الحق : پھر کوئی بھی وزیر یہ کہے گا کہ میں معذور ہوں اور وہ نہیں آئے گا۔ تو تحریک کا کیا بنے گا؟ میں پیش کر دوں تو آپ کل تک ملتوی کر دیں۔

چیئرمین : جی ! پیش کیجئے۔

ADJOURNMENT MOTION RE: CHARGE OF RATE OF INTEREST IN THE GOVERNMENT TRANSACTIONS

مولانا سمیع الحق : آج کے اخبارات میں ایک رپورٹ شائع ہوئی ہے کہ وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں اور دیگر اداروں سے گیارہ ارب روپے بطور سود وصول کرے گی۔ اور حکومت کے لین دین میں سود کی رقم میں ۲۰ فیصد اضافہ ہوگا۔

جناب چیئرمین! حکومت کے واضح اعلانات کے باوجود کہ مالی سال کے آغاز سے بنکوں میں سود کے نظام کو مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔ حکومتی لین دین میں سودی نظام کو نہ صرف یہ کہ پہلے کی طرح برقرار رکھنے بلکہ سود کی مد میں اس سال گذشتہ سال کے مقابلے میں ۲۰ فیصد اضافہ پوری قوم کے لئے باعث حیرت و تشویش ہے اور اس رپورٹ سے حکومت کے اعلانات اور اسلامی نظام معیشت کی طرف پیش رفت کے عزائم کے بارے میں بے اعتمادی پھیل سکتی ہے اس لئے سینٹ اس مسئلے کو زیر بحث لائے۔

جناب چیئرمین : ایک عرض میں کر دوں کہ ایڈجرنمنٹ موشن کے لئے کم از کم آدھ گھنٹہ کا وقت ہے میری درخواست ہوگی کہ وزیر متعلق ہیں اگر وہ اس ایوان کی کسی کمیٹی کے کام میں جو مقررہ معیاد میں ختم کرنا ہے مشغول نہیں ہیں تو انہیں یہاں پر حاضر رہنا چاہیئے۔ یہ بالکل غلط بات ہے۔ ہر ایک وزیر کی مجبوریوں کا ہمیں بھی پتہ ہے لیکن میں اس حد تک تو نہیں کہونگا کہ ایوان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے۔ لیکن ایوان کے جذبات ضرور مجروح ہوتے ہیں اور ان معاملات میں اس کا وقت ضرور ضائع ہوتا ہے۔ اس کو مولانا صاحب کل تک ملتوی کر دیں

مولانا سمیع الحق : ٹھیک ہے جی اگر کل موقع دیں تو ۔۔۔

جناب چیئرمین : نمبر ۲۵۔ اچھا! بجلی سے متعلق ہے تو ۱۱ تاریخ کو لیں گے

ADJOURNMENT MOTION RE: INCREASE IN THE TIME OF LOADSHEDING

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب! ۲۵ ۔ نمبر تحریک میں پیش کرتا ہوں ۔ کہ سینٹ کا حالیہ اجلاس ملتوی کر کے قومی اور فوری نوعیت کے حسب ذیل معاملہ کو زیر بحث لایا جائے ۔

آج کے اخبارات میں پی پی آئی کے ذریعے سے ۔

واپڈا کا اعلان آیا ہے کہ ملک کے تمام حصوں میں لوڈشیڈنگ کے اوقات میں فوری طور پر اضافہ کیا جا رہا ہے ۔ لوڈشیڈنگ کی صورتحال پہلے ہی پوری قوم کے لئے پریشان کن اور غیر یقینی ہے ۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ لوڈشیڈنگ کی حقیقی وجوہات اور واقعی اثرات اور مستقبل کے لئے انسدادی تدابیر اور منصوبوں سے سینٹ کو آگاہ کیا جائے ۔ اس لئے ایوان میں اس مسئلے کو زیر بحث لایا جائے ۔ کیونکہ آج کے اعلان سے پوری قوم مزید تکالیف اور پریشانیوں میں مبتلا ہو جائے گی ۔

جناب چیئرمین :۔ اس قسم کی اور بھی ایڈوجرنمنٹ موشنز تھیں وہ ہم نے ۱۱ تاریخ کو رکھے ہیں کیونکہ وزیر متعلقہ بلوچستان میں جو واقعہ ہوا ہے اُس کے سلسلے میں بلوچستان گئے ہوئے ہیں ۔ انشاء اللہ ۱۱ تاریخ کو اور بھی معاملات ہوں گے تو اس کو بھی لے لیں گے ۔

مولانا سمیع الحق :۔ اگر وقت ہو تو نمبر ۲۶ بھی میری ہی موشن ہے جی ۔

جناب چیئرمین :۔ چلیئے نمبر ۲۶ بھی لے لیں ۔

ADJOURNMENT MOTION RE: PRESS CONFERENCE BY RAJIV GANDHI AND THEREAT TO PAKISTAN

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب ! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کی حالیہ کارروائی روک کر قومی اہمیت کے اس فوری معاملہ پر بحث کی جائے کہ آج کے اخبارات میں بھارت کے وزیر اعظم مسٹر راجیو گاندھی نے وزارت عظمیٰ سنبھالنے کے بعد اپنی سب سے بڑی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر پاکستان نے جوہری بم بنایا تو بھارت فوری طور پر کارروائی کرے گا اور برصغیر میں حالات یکسر تبدیل ہو جائیں گے ۔ یہ بیان نہ صرف پاکستان کے اندرونی معاملات میں صریحاً مداخلت ہے بلکہ اس میں پاکستان کو صریحاً دھمکی بھی دی گئی ہے ۔ اور حالات یکسر تبدیل ہونے کے بین السطور پاکستان کے وجود کو ختم کر دینے کی وارننگ بھی موجود ہے ۔ معزز ایوان کا فرض ہے کہ اس اہم اور واضح دھمکی کو زیر غور لائے ۔ آپ فرمائیں گے کہ وزیر خارجہ صاحب نہیں ہیں ۔

جناب چیئرمین :۔ انہوں نے specially یہ کہا ہوا تھا کہ آج کے دن وہ کسی بہت ہی

[Mr. Chairman]

اہم کام میں مصروف ہیں۔ کل formally انہوں نے چھٹی کی درخواست کی تھی۔ میں نے کہا کہ چھٹی تو ایوان سے متعلق ہے جہاں تک میرا تعلق میں ضرور ایوان میں۔۔۔۔ (مداخلت)

مولانا سمیع الحق: جناب اب تک یہ پارلیمانی روایت رہی ہے کہ وزیر صاحب تحریک التوا تک موجود رہتے تھے۔ اگر وہ کسی مجبوری کی وجہ سے نہیں ہوتے تھے تو وہ کسی اور وزیر کو مامور کر دیتے تھے کہ آپ یہ خدمت انجام دیں گے۔ یہ تو اہم اور حساس مسائل ہیں۔ کیا پورے ملک کی سلامتی کے لئے لوڈشیڈنگ اور دوسرے معاملات کو اس طرح ٹالتے رہیں گے۔ ادھر کوئٹہ میں کرفیو کی وجہ سے نامعلوم کیسے کیسے حالات پیدا ہو جائیں گے اور وزیر داخلہ صاحب کہیں گے کہ آج میں نہیں آ سکتا ہوں۔ صرف آدھ گھنٹہ ہوتا ہے جی۔ کم از کم وہ آدھے گھنٹے کی زحمت کر لیا کریں۔

جناب چیئرمین: مجھے آپ سے مکمل اتفاق ہے یہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ میری ان سے درخواست ہے کہ ایڈجرنمنٹ موشنز کے وقت وہ موجود رہیں خواہ انہیں اس دن آنا ہے یا نہیں آنا اگرچہ وہ ایوان کی اپنی کمیٹی کی کارروائی میں زیادہ مصروف ہی کیوں نہ ہوں وہ بھی اس صورت میں جب اس کو محدود پیریڈ میں ختم کرنا ہے۔

پروفیسر رشید احمد: صورتحال یہ ہے کہ ہم تقریباً آٹھ ایڈجرنمنٹ موشنز کل کے لئے ملتوی کر چکے ہیں۔ کل کچھ نئی بھی آئیں گی۔ اس ضمن میں چیئرمین صاحب سے درخواست کروں گا کہ کل آپ آدھ گھنٹے سے زیادہ وقت رکھیں۔ اگر آپ نے ان سب کو آدھ گھنٹے میں نمٹانے کی کوشش کی تو یہ unfair ہوگا اس لئے کہ دو تین دنوں کا کام آپ نے جمع کر لیا ہے۔ اور یہ پھر زیر بحث نہیں آ سکیں گی اور وقت ختم ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: logically تو آپ بالکل صحیح فرما رہے ہیں۔ رولز اجازت دیتے ہیں اگر میری discretion ہے تو میں یہ ضرور درخواست کروں گا کہ ایسا کریں۔

Mr. Javed Jabbar: Sir, Mr. Chairman! why is there restriction on the number of questions that can be tabled by a Member, three per day, and also restriction on the number of privilege motins to be moved one for a Member per day? There is no restriction on the number of adjournment motions as a result of which, Sir, my submission is that a very urgent issue like Quetta incident had to be postponed for the last two days because

there were 4 or 5 adjournment motions tabled by a single Member and as a result my adjournment motion on Quetta incident which was supposed to be moved on the 8th July, could not taken up. So, perhaps you could consider a restriction while the rules are being revised. Rule 74 restricts it to half an hour. Number of motions is not there.

Mr. Chairman: The difficult thing is that if we are not in a position to devote half an hour on one day and we are postponing as Prof. Khurshid Sahib has very rightly pointed out on some other day then there is a grounding up; there is bunching up of Resolutions and they naturally cannot be disposed of within half an hour and logically the rational conduct of the business of the House would demand that we should give them more time.

Mr. Javed Jabbar: Sir, under Rule 229, you can suspend Rule 74.

Mr. Chairman: This is what I thought that we have some discretion, some rule is available by which we can adjust it thus. So, we come to motions 28.

وزیر داخلہ کی موجودگی تک ۲۹، ۳۰، ۳۱ Postponed ہو چکے ہیں۔ نمبر ۲۸ ابھی تک بیچ میں لٹکا ہوا ہے۔

میر نبی بخش زہری: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین صاحب! عرض یہ ہے کہ ہمارا معزز ممبر جو Piller کے پیچھے بیٹھا ہے وہ کبھی جناب کو دیکھ نہیں سکتا، اور نہ جناب اس کو دیکھ سکتے ہیں میری تجویز ہے کہ ساتھ وہاں کرسی پر جگہ ہے۔ اگر وہاں بیٹھنے کی اجازت دیں تو وہ جناب کو براہ راست دیکھ کر مخاطب ہو سکتا ہے چونکہ اس کو اس بات کی تکلیف ہے۔ ہمارا سینیٹر برادر ہے۔ اس کو سیٹ دی جائے۔

مولانا سمیع الحق: ۔ میں زہری صاحب کا بڑا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان کی تائید کرتا ہوں۔ مجھے باہر لوگ کہتے ہیں کہ تم تو ایوان کو نہیں بلکہ دیوار کو مخاطب ہوتے ہو۔

جناب چیئرمین: ۔ میں انہیں دیکھ سکتا ہوں جناب مولانا کوثر نیازی صاحب نمبر ۲۸۔

ADJOURNMENT MOTION *RE*: MISUSE OF DUTY FREE IMPORTED CASSETTES BY TWO RECORDING COMPANIES

مولانا کوثر نیازی: ۔ جناب والا میری تحریک التواء کا متن یہ ہے۔ کہ "روزنامہ پاکستان ٹائمز" لاہور نے جو نیشنل پریس ٹرسٹ کا اخبار ہے۔ اپنی اشاعت مورخہ ۲، جولائی میں ایک آرٹیکل کے ذریعے یہ انکشاف کیا ہے کہ ملک کی دو ریکارڈنگ کمپنیاں جن میں سے ایک سرکاری انتظام میں

[Maulana Kausar Niazi]

قائم ہے اپنے درآمد کردہ کیسٹس میں سے صرف دس فیصد اس مقصد کے لئے صرف کرتے ہیں جن کے لئے انہیں اس کی ڈیوٹی فری درآمد کی اجازت ہے باقی نوے فیصد کیسٹس انڈین گانوں کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ اس طرح حکومت کو ڈیوٹی کی مد میں سات کروڑ بیس لاکھ روپے سالانہ کا نقصان ہوتا ہے۔ یہ مسئلہ اس ہاوس کی توجہ کا طلبگار ہے اگر خود سرکاری ادارے قومی خزانے کو اس طرح نقصان پہنچانے اور غیر ملکی ثقافت کو فروغ دینے کے ذریعہ بن رہے ہوں تو اس کا فوری نوٹس لینا چاہیے اس لئے میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کا اجلاس اس مسئلے پر بحث کرنے کے لئے ملتوی کیا جائے"۔

جناب چیئرمین: جناب وزیر اطلاعات

Minister for information and Broadcasting:

Mr. Hamid Nasir Chattha: (Minister for information and Broadcasting): Mr. Chairman, Sir, I rise to oppose this motion. To the best of my knowledge, Sir, in the first place there is only.........(Interruption).

مولانا کوثر نیازی: پوائنٹ آف آرڈر Admissibility پر دلائل دینا پہلے میرا حق ہے۔

جناب والا:۔ رولز کے تحت یہ کہا گیا ہے کہ

It shall raise an issue of urgent public importance.

اور یقیناً آپ اتفاق فرمائیں گے کہ سات کروڑ ۲۰ لاکھ روپے کا سالانہ ضیاع ایک Public inportance کا مسئلہ ہے urgently اس کو ہمیں Take up, کرنا چاہیے۔ دوسرا رول بھی یہ کہتا ہے کہ

It shall be restricted to a matter of recent occurrence.

اور ایک سرکاری اخبار نے ۲ جولائی ۱۹۸۵ء کو یہ انکشاف کیا تھا۔ جو بالکل Recent Occurrence کی تاریخ میں آتا ہے۔ اور جناب والا! سب رول ایف میں کہا گیا ہے کہ

It shall relate to a matter which is primarily the concern of the Government or to a matter in which the Government has substantial financial interest.

یہ دونوں باتیں اس پر apply ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ سرکاری ادارہ ہے۔ شالیمار ریکارڈنگ کمپنی جو حکومت کے زیر اہتمام چل رہی ہے۔ اور دوسرا حکومت کا اس کے اندر فانشنل انٹرسٹ ہے کہ جسے برباد کیا جا رہا ہے اس لئے جناب والا! یہ تحریک التواء اس قابل ہے کہ آپ اسے بحث کے لئے منظور فرمائیں۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! یہ تحریک admissible نہیں ہے یہ جو ارشاد فرمایا گیا کہ سرکاری ادارہ ہے اور سرکاری انٹرسٹ involve ہے۔ اس تحریک کے اندر کسی ادارے کا نام نہیں دیا ہوا اس کے ساتھ پرائیویٹ کمپنی کا بھی نام نہیں ہے اسے ہم admit نہیں کر سکتے اس میں دیا ہوا ہے کہ ملک کی دو ریکارڈنگ کمپنیاں جن میں ایک سرکاری انتظام میں قائم ہے اپنے درآمدہ کیٹس میں سے صرف ۱۰ فیصدی اس مقصد کے لئے صرف کرتی ہے۔ اب جناب والا! دو کمپنیوں کا ذکر ہے۔ نام کسی کمپنی کا نہیں ہے۔ اور یہ اس بات کی تخصیص نہیں ہے کہ ان دونوں میں سے کونسی کمپنی یہ کاروبار کرتی ہے۔ اس لئے جیسے کہ یہ گورنمنٹ کا ادارہ بتایا گیا ہے۔ یہ امر applicable نہیں ہے۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ in-admissible اس بناء پر ہے کہ اس کے لئے ضروری ہے کہ رولز

It shall not contain inferences. 71 (e)

کی زد میں نہ آئے۔

دوسری جناب!

It shall not deal with hypothetical case. This is a hypothetical case.

اس بناء پر جناب یہ موشن out of order ہے اور اس کو In-admissible قرار دیا جائے۔ جہانتک اخبار کا تعلق ہے۔ اس کا ہمیں پتہ نہیں کہ کونسا اخبار کس تاریخ کو کس پر مضمون دیا اور کون سا مضمون دیا اس کی کاپی تو ہمیں ملی نہیں ہے بہرحال ان دو تین Reasons کی بناپر In-admissible ہے اس لئے اس پر بحث نہیں ہو سکتی۔

مولانا کوثر نیازی: یہ حیرت کی بات ہے کہ ہم سرکاری خزانے کی بربادی کا معاملہ حکومت کے نوٹس میں لائیں اور یہ چاہیں کہ اس پر گفتگو ہو۔ اور وزیر قانون صاحب technicalities کا سہارا لے کر یہ چاہیں کہ اس پر گفتگو نہ ہو تا کہ حکومت مسلسل زیر بار رہے۔

[Maulana Kausar Niazi]

جناب والا! یہ بات کہ اس کے اندر نام نہیں لیا گیا۔ ہر شخص جانتا ہے کہ اس ملک میں دو ریکارڈنگ کمپنیاں ایک ای۔ ایم۔ آئی ہے اور دوسری شالیمار ریکارڈنگ کمپنی ہے۔ میں وزیر قانون صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ مجھے کسی تیسری ریکارڈنگ کمپنی کا نام بتا سکتے ہیں۔ تب میں سمجھوں گا کہ اس کا تبصرہ اس مضمون میں کیا گیا ہے۔

چوتھی بات یہ ہے کہ ان کا کہنا یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ اس کے اندر یہ ذکر نہیں کیا گیا کہ اس میں کونسی کمپنی یہ کام کر رہی ہے؟ اگر وہ بغور اس آرٹیکل کا مطالعہ کریں تو صاف صاف ان دونوں کمپنیوں کو ملوث کیا گیا ہے۔ اور یہ مضمون پاکستان ٹائمز کا ہے کسی آزاد اخبار کا نہیں ہے اور پریس ٹرسٹ کا مستند اخبار ہے۔ اور بات وہ ہے جو Pioneer میں چھپے تو جناب اس فرمودے کے بعد کسی سند کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے اور انہیں حقائق کو Face کرنا چاہیے اور ہمارا شکر گزار ہونا چاہیے کہ ہم ان کی مدد کرنے کیلئے قومی خزانے پر اس بوجھ کے ضمن میں ان کو Pointout کر رہے ہیں۔

<u>جناب اقبال احمد خان</u>: ۔ جہاں تک اس قرارداد کے اندر اس شکایت کا ذکر کیا گیا ہے۔ کوئی پاکستانی بھی اس کو پسند نہیں کرتا کہ ملک کے خزانے کو بے دریغ استعمال کیا جائے اور یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ملک کے مختلف اداروں میں ابھی تک صحیح طور پر محب وطن افراد کا فقدان ہے، اہلکار ہوں یا اداروں کے سربراہ ہوں، سرکاری ہوں یا غیر سرکاری، ابھی اس کا فقدان ہے۔ ہمیں اس کا افسوس ہے۔ بات چونکہ Admissibility پر ہو رہی تھی اس کے merits پر نہیں ہو رہی تھی اس لئے میرا یہ فرض تھا کہ میں حضور کی خدمت میں جو قانونی مشکلات ہیں وہ پیش کروں۔

میں محترم سینیٹر صاحب کی خدمت میں عرض کر دوں گا کہ ہم نے رولز کو Revised کرنے کے لئے کمیٹی بنا دی ہے ہم دیکھیں گے کہ کس طریقے سے اس ایوان کا کام Effectively چلے۔ اور حکومت ان کی آراء سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکے۔ اس اعتراض کرنے کا یہ مقصد نہیں ہے کہ ہم اس مسئلے پر غور نہیں کرنا چاہتے۔ میں نے تو ایک قانونی گذارش کی ہے دوسری بات، جہاں تک کمپنیوں کا تعلق ہے میں حضرت صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا۔ جناب سینیٹر صاحب میں نے آج تک نہ کبھی کیسٹ لیا ہے اور نہ کبھی سنا ہے

اور میرے علم میں وہ دو کمپنیاں بھی نہیں ہیں جن کا ذکر کیا گیا ہے۔ مولانا چونکہ ان رموز سے زیادہ آگاہ ہیں۔ اس لئے انہیں علم ہوگا کہ کون کون سی کمپنیاں ہیں۔ میں بالکل بے بہرہ انسان ہوں۔ شکریہ جناب۔

مولانا کوثر نیازی: جناب میں اس ملک کا تین، ساڑھے تین سال وزیر اطلاعات رہ چکا ہوں اور یقیناً مجھے معلوم ہے۔ یہ میرے فرائض میں ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ وزیر قانون ایک ایسی حکومت میں شامل ہیں جس کے خزانے پر ایک ریکارڈنگ کمپنی پل رہی ہے۔ اور حیرت ہے کہ اتنا عرصہ گذر جانے کے باوجود بھی انہوں نے اسے فرائض منصبی میں شامل نہیں سمجھا کہ وہ اس حکومت کے زیر تحویل اداروں سے شناسائی حاصل کر سکیں۔ مجھے بہر حال ان کی پارسائی کا پورا پورا یقین ہے۔ میں نے ان کے اٹھائے نکتوں کا جواب دے دیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ وزیر اطلاعات صاحب کو بھی سن لیں۔ ممکن ہے وہ کوئی اور نیا نکتہ ارشاد فرمائیں۔

جناب چیئرمین: میں وزیر اطلاعات صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہوں گا کہ یہ جو اخبار میں بیان آیا ہے۔ محترم مولانا صاحب فرماتے ہیں کہ یہ چونکہ پوائنیر کا نعم البدل ہے جو ہمارے ہاں ہے اور اس میں جو کچھ چھپ جاتا ہے تو وہ صحیح ہے تو آپ اس کو صحیح تصوّر کرتے ہیں یا نہیں کرتے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جتنی پالیسیز پبلک اداروں کے متعلق ہیں بجٹ کے وقت مجھے یقین ہے کہ ان پر ضرور قومی اسمبلی میں بحث ہوئی ہوگی اور وہ وہاں آئے ہوں گے اور اگر اسمبلی میں یہ بحث ہوئی ہے اور اس کمپنی کی کیا حیثیت تھی تو وہ بھی ہمیں بتا دیجئے۔

تیسری بات یہ ہے کہ اگر یہ صحیح ہے اور صحیح اطلاعات پر یہ مبنی ہے تو جو مولانا صاحب ارشاد فرماتے ہیں حکومت کی کیا پالیسی ہے کہ ان کو کس طریقے سے راہ راست پر لایا جائے۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! ایک گذارش کروں کہ یہ بیان نہیں ہے۔ یہ آڈیٹوریل پیج پر باقاعدہ اہتمام سے آرٹیکل چھپا ہے۔ اور بیان اور آرٹیکل میں بہت فرق ہے اور اس میں کوئی ایسا caption نہیں ہے کہ ادارے کو اس تحریر سے اتفاق نہیں ہے۔ گویا ادارہ بھی اس سے متفق ہے اور جناب دوسری گذارش یہ ہے کہ جناب والا آپ ہمارے چیئرمین ہیں اور آپ وزراء کو کیوں لقمہ دیتے ہیں کہ وہ اس کو بھی دیکھ لیں کہ بجٹ میں ایسی

[Maulana Kausar Niazi]

بات ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو میں سمجھتا ہوں کہ وہ خود اس اہل ہیں کہ وہ اپنے فرائض ادا کر سکیں۔

جناب چیئرمین: جہاں تک وزراء کا تعلق ہے ہم یہاں پر ان کا امتحان تھوڑا ہی لے رہے ہیں۔ ہم تو ایک اہم قومی مسئلے پر کہ وہ admissible ہے اس پر بحث کی جائے یا نہیں اسی کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔ باقی اسی اخبار کے متعلق مجھے بھی کئی ایک واقعات معلوم ہیں لیکن وہ جو کہتے ہیں کہ

مصلحت نیست کہ از پردہ بیرون افتد راز
ورنہ صحبت رندان خبرے نیست کہ نیست

تو اسی اخبار میں پرسوں ان کے اپنے ایڈیٹرز اور ان کے وہ جو جھگڑے ہوئے تھے اور ہنگامے ہوئے تھے ایک خبر کو وہ kill کر رہے تھے اور کسی اور کو پروموٹ کر رہے تھے۔ آپ کی نظر سے بھی گذرا ہوگا تو اس وجہ سے کہ یہ اخبار میں چھپ کر آیا ہے اور بطور editorial آیا ہے میرے خیال میں وہ صحیح بھی ہو سکتا ہے اور نہیں بھی ہو سکتا۔

مولانا کوثر نیازی: جناب کیا حکومت یہ بھی کہنے کے لئے تیار نہیں ہے کہ وہ اس کے لئے تحقیقات کرائے گی۔

جناب چیئرمین: بس عرض کرتا ہوں۔ یہی میں نے ان سے پوچھا ہے۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! اس ضمن میں صرف ایک اضافی بات کرتا ہوں کہ اصولاً اگر یہ مضمون صحیح نہیں تھا۔ میں نے عرض کیا کہ ایڈیٹوریل نہیں ہے ایڈیٹوریل پیج پر چھپا ہے تو شالیمار ریکارڈنگ کمپنی کو یا وزارت اطلاعات کو اتنے دن گذر جانے کے بعد کم از کم اس کا جواب اسی اخبار میں چھپوانا چاہیے تھا جس سے یہ ثابت ہوتا کہ یہ بات جو ہے درست ہے۔ اب تک اس کی کوئی تردید سامنے نہیں آئی۔

Mr. Hamid Nasir Chattha: Sir, the name of the Shalimar Recording Company was not mentioned. I suppose that is why it was felt that there was no need really to come back with an answer.

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! مدعی سست گواہ چست، والی بات ہے۔ وزیر صاحب سمجھ گئے کہ اشارہ شالیمار ریکارڈنگ کمپنی کی طرف ہے لیکن شالیمار والے نہیں سمجھ سکے اور جب تحریک آئی تو انہوں نے سارے کیسٹ کی فہرست بھی وزیر صاحب کو فراہم کر دی۔

جناب چیئرمین :- اس یقین دھانی پر کہ وہ تحقیقات کرلیں گے میرے خیال میں آپ اس پر اگر زور نہ دیں تو بہتر ہی ہوگا۔ اور مجھے امید ہے کہ وہ تحقیقات کے نتائج سے اس ہاؤس کو آگاہ کریں گے۔

So, the motion is not pressed. Even otherwise, I think, half-an-hour is over. So, we take up the regular business. Yes, Mr. Iqbal Ahmad Khan

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, before taking up the legislative business, I would seek your kind permission to submit a Motion.

Mr. Chairman: Yes.

ADJAURNMENT MOTION *RE*: FORMATION OF THE FINANCE COMMITTEE OF SENATE

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, I beg to move:

"That as required under Article 88 (2) of the Constitution, the Finance Committee of the Senate be constituted and the Prime Minister may be authorised to name its members on behalf of the House".

Mr. Chairman: The motion moved is:

"That as required under Article 88 (2) of the Constitution, the Finance Committee of the Senate be constituted and the Prime Minister be authorised to nominate its members on behalf of the House".

I will read out. Article 88 (2) for the convenience of the honourable Members. It says,

"The Finance Committee shall consist of the Speaker or, as the case may be, of Chairman, the Minister of Finance and such other Members as may be elected thereto by the National Assembly or, as the case may be, by the Senate".

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, my motion is on behalf of the House.

Mr. Javed Jabbar: Sir, in the absence of the party system how will one ensure that all shades of opinion represented in the Senate are given weightage.

Mr. Chairman: This is actually why this authority is being asked in the name of the Prime Minister as the Leader of the House that the would keep in mind like he has done in the previous nominations also all shades of opinion in the House to be on this Committee. There is no fixed number but I hope the number is also reasonable.

An Hon. Member: I second this Proposal, Mr. Chairman.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir, I oppose or do not oppose but the question is whether there is any power by which we can delegate a Constitutional provision to anybody.

Mr. Chairman: On this either the Law Minister or the Attorney General can advise us.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Naturally, he will take into view all the considerations but whether legally and constitutionally, a Constitutional provision could be delegated to any individual.

On that you may..............(Interruptions........

میر نبی بخش زہری: اس سے پہلے بھی وزیراعظم صاحب نے دو کمیٹیوں کا اعلان کیا ہے اور سب نے اس کو مانا ہے۔ لیکن یہاں پر آئینی ضرورت ہے کہ یہ ممبرز منتخب ہونے چاہیں۔ سینیٹ کی بانی جو کمیٹیاں تھیں ان کو اختیار تھا کہ کوئی اس میں ممبرز نامزد کرے تو یہ فرق تھا اور یہ قانونی نکتہ ہے۔

(Interruption)

Mr. Hamid Nasir Chattha: With your permission, Mr. Chairman, this is an article written by one Riaz A. Gul.

Mr. Chairman: It is not an editorial.

Mr. Hamid Nasir Chattha: No, Sir. And he has alleged that two companies which import duty-free cassettes are not using them for purposes for which the cassettes were imported. Sir, to the best of my knowledge, only one company is allowed to import duty free cassettes and that is the Shalimar Recording Co. which is working under the Ministry of Information and Broadcasting. So, at the very beginning, Sir, the credibility of this article is a suspected. Secondly, Sir,..........(Interruption).

Mr. Chairman: But are you prepared to inquire into it?

Mr. Hamid Nasir Chattha: Yes, of course, Sir, I will look into it but here I have a list of all the recordings which the Shalimar Recording Co. has gone in and not a single Indian song is included in this list. However, if the honourable Senator would like to help me in looking into this, I will welcome his help. There are Pakistani songs and they are part of the purposes, part of the charter of this Recording Co. Nothing to the best

of my knowledge, has ever been recorded by the Shalimar Recording Co. which is not allowed.

Mr. Chairman: So, I take it that you are prepared to enquire into it.

Mr. Hamid Nasir Chattha: Certainly Sir.

مولانا کوثر نیازی :۔ جناب والا! شالیمار ریکارڈنگ کمپنی والے تو یہ بات نہ سمجھ سکے لیکن وزیر صاحب سمجھ گئے اور جب تحریک آئی تو شالیمار ریکارڈنگ کمپنی والوں نے سارے کیسٹ ان کے حوالے کر دیئے۔

جناب چیئرمین :۔ اس یقین دہانی کے بعد کہ وہ اس کی تحقیقات کرائیں گے۔ آپ اس تحریک پر زور نہ دیں تو میرے خیال میں بہتر ہے۔

مولانا کوثر نیازی :۔ مجھے اُمید ہے کہ اس تحقیقات کا نتیجہ اس ہاوس میں وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے میں اس پر زور نہیں دیتا۔

Prof. Khurshid Ahmad: Perhaps a solution could be that we may request that Prime Minister to propose and then......(Interruption)....

Mr. Chairman: I think this is the best way of proceeding about it. So, we authorise or we request the Prime Minister to propose the names.

Mr. Ahmed Mian Soomro Sir, he is out of the House. How can we request him to propose A, B or C. That would be a wrong convention. We keep quiet, let him send a proposal. There will be no other proposal and we can elect the members.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: My submission is that I bow before the decision of this House.. There is no doubt that sub-article 2 of Article 88 says that the authority to elect the Members lies with this House. If this House delegates its powers to any other authority with this Resolution just moved in it would mean that the House is electing Members through the Prime Minister by virtue of this Resolution, or this Motion.

Mr. Chairman: I am afraid that would not be the correct procedure because it is a Constitutional requirement. It says that Senate should elect those Members, in the other resolution although the word is used 'they are also', but they are under the rules. It is a Constitutional requirement and since we do not have any authority by which we can delegate our power to somebody to elect on his behalf, I think, the best course is as proposed by Professor Khurshid that you or the Prime Minister, Leader of the House, may bring the actual proposal that you propose that the following gentlemen should be elected to the Finance Committee of the Senate.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: I bow before your ruling.

Mr. Chairman: Thank you. Yesterday, I think we adjourned in order to allow or give time actually to both the Attorney General and the Minister for Justice to study one or two legal points which have been raised. Are you in a position to apprise the House.

Mr. Hasan A. Shaikh: There was a ruling by the Speaker in the Indian Assembly saying that any important matter of Constitutional jurisdiction shall not be decided by the ruling of the speaker but actually it should be left to the Court. The rulings are in respect of the adjournment motion but I find in the Book ('Practice and Procedure of Parliament ....

Mr. Chairman: After the Minister of Justice has spoken your turn would also come and you can throw light on that.

Mr. Hasan A. Shaikh: He can consider it.

Mr. Chairman: He must have considered it, after all he is the Minister for Justice.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Thank you Mr. Chairman. I am grateful to the honourable Member from Peshawar who raised certain Constitutional issues in this honourable House and provided opportunity to remove certain doubts in the minds of some people on the said issue. Sir, now coming to the specific matter, which was raised in this House I would like to give a little bit explanation to the historical background of the issues.

Sir, by proclamation dated 5th of July, 1977, General Zia-ul-Haq proclaimed Martial Law and assumed the Office of C.M.L.A. *Inter-alia* proclaiming therein that the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, 1973 shall remain in abeyance and the National Assembly and the Senate and the Provincial Assemblies shall stand dissolved. Sir, in Begum Nusrat Bhutto's case, I will quote PLD 77, Supreme Court Page 657. The Supreme Court examined the authority of the said proclamation wherein it was *inter-alia* held that the C.M.L.A. is competent to promulgate all Acts or legislative measures, which are in accordance with or could have been made be performed or carried out by means of Presidential Orders, Ordinances, Martial Law Regulations, or Orders as the occasion may require. Sir, on 16th September, 1978 the President Succession Order 1978, *i.e.* PO No. XIII of 1978 was promulgated and in persuance of Article 3 thereof the C.M.L.A. Assumed the Office of President. Sir, on 24th of March, 1981 P.C.O.I.E. Order No. 1 of 1981, was promulgated by the C.M.L.A.

By Article 2 of the Order certain provisions of the Constitutions formed part of the Order including Article 89 of the Constitution which empowered the President to promulgate Ordinances.

Sir, these Ordinances were promulgated under Article 89 of the Constitution by the President and, therefore, after the revival of the Constitution and the restoration of Parliament the procedure laid down under Article 89 was to be followed. Sir, accordingly it is clarified that Article 89 of the Constitution 1973 was kept alive by the President as C.M.L.A. through PCO of 1981 by virtue of Article 2 thereof. As such being the position when the President promulgated Ordinances on 13th of March, 1985, he had lawfall authority to do so as President under PCO 81 wherein in Article 41 regarding the Office of the President was kept alive and this was consistent with the assumption of Office as President by General Zia-ul-Haq under President Succession Order 1978. Therefore, the President existed legally and constitutionally on the 30th Marchm 1985 on the basis among others of the President Succession Order. Therefore, he was empowered to promulgate the Ordinances as President.

Sir, I would also like to give a reference of Article 3 of the President Order No. XIII of 1978, *i.e.* the President Succession Order. Article 3 states that if upon the Office of the President becoming vacant the CMLA or such other person as may be designated by him shall be the President and shall perform all functions assigned to the President by or under the Constitution, Sir, under Article 4 of the said Order if the CMLA is the President, he holds the office until a President is elected in accordance with the Constitution. Accordingly, Sir, General Zia-ul-Haq was President on the 30th March, 1985 under the Constitution and competent to perform all functions assigned to the President by the Constitution, irrespective of the Revival of the Constitution Order, 1985, in the manner the President could perform the functions under Article 89 of the Constitution to promulgate the Ordinances even before 30th of March, 1985 and the Ordinances could be laid before the House, which had, in the meantime, come into existence.

